باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ

DAILY COLUMN PAKISTAN ISLAMABAD

روزنامہ کالم پاکستان اسلام آباد

ایگزیکٹو ایڈیٹر: رانا منیر احمد

ایڈیٹر: عامر عالم

چیف ایڈیٹر: سید تجمل حسین

صفحات 04 قیمت 20 روپے

رجسٹرڈ نمبر: 2627

جلد: 14 | ہفتہ 20 جون 04,2026 محرم الحرام 1448ھ صفحات 04 قیمت 20 روپے | شمارہ: 140

مریم نواز کی عاشورہ محرم الحرام میں بہترین انتظامات اور سخت سیکورٹی اقدامات کا حکم

امن وامان برقرار رکھنے کیلئے جامع سیکورٹی پلان تشکیل دینے کا حکم، سخت گرمی کی وجہ سے ٹھنڈے پانی اور مشروبات کی سبیلوں کا خصوصی انتظام کرنے کی ہدایت

مجالس اور جلوسوں کے راستوں پر ریسکیو 1122، فیلڈ ہسپتال اور کلینکس آن ویلز کی 24 گھنٹے دستیابی کو یقینی بنائیں گے: وزیراعلیٰ مریم نواز شریف

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عاشورہ محرم الحرام میں بہترین انتظامات اور سخت سیکورٹی اقدامات کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صوبہ بھر میں امن وامان برقرار رکھنے کیلئے جامع سیکورٹی پلان تشکیل دینے کا بھی حکم دیا۔ وزیرعلیٰ مریم نواز شریف نے سخت گرمی کی وجہ سے ٹھنڈے پانی اور مشروبات کی سبیلوں کا خصوصی انتظام کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ستھرا پنجاب کو مجالس اور جلوسوں کے راستوں میں پانی کا چھڑکاؤ یقینی بنانا کا حکم دیا اور کہا کہ مجالس اور جلوسوں کے راستوں پر ریسکیو 1122، فیلڈ ہسپتال اور کلینکس آن ویلز کی 24 گھنٹے دستیابی کو یقینی بنائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ صوبہ بھر کی 4700 سے (بقیہ نمبر 1)

گلگت بلتستان کے بعد اب کشمیر میں بھی پیپلز پارٹی واضح اکثریت سے جیتے گی، سردار سلیم حیدر خان



لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ گلگت بلتستان کے بعد اب کشمیر (بقیہ نمبر 6)

ایران اور امریکہ کے درمیان معاہدہ خطے میں امن اور استحکام کی جانب مثبت پیش رفت ہے، شازیہ مری

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی ترجمان پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹرینز شازیہ مری نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 5)

پی ایس ڈی پی کی مجموعی مختص رقم 2.78 ارب روپے رہ گئی، فنڈز کے استعمال کی رفتار تشویشناک ہے، شیری رحمن

اسلام آباد (این این آئی) چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمن نے کہا (بقیہ نمبر 4)

وفاقی بجٹ کا مقصد عوام اور صنعتوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے، جام کمال



اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال نے کہا ہے کہ حکومت نے موجودہ معاشی (بقیہ نمبر 3)

بجٹ پر بحث میں 56 سینیٹرز نے حصہ لیا، چیئرمین سینٹ



اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ بجٹ پر بحث میں 56 (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیر مملکت برائے خزانہ ومحصولات بلال اظہر کیانی فنانس ڈویژن میں آل پاکستان فرٹیلائزر ڈیلرز ایسوسی ایشن (اے پی ایف ڈی اے) کے اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات کے دوران۔

امریکا ایران مفاہمت کا خیر مقدم، پاکستان نے تاریخی کردار ادا کیا، صدر آصف زرداری

پاکستان خطے کے امن وخوشحالی کے لیے پرعزم ہے، حتمی امن معاہدے کے لیے کوششیں تیز کی جائیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر آصف علی زرداری نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان نے امن کے لیے تاریخی سفارتی کردار ادا کیا۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے ایران، امریکا مفاہمتی یادداشت کو خطے کے لیے اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا کردار ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھے گا۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیے کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کو آج سہ پہر اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کی جانب سے (بقیہ نمبر 13)

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے گھانا کے چیف آف ڈیفنس اسٹاف کی ملاقات، دفاعی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

ان ملاقاتوں میں گھانا کی مسلح افواج کے چیف آف ڈیفنس اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل ولیم اگیاپونگ بھی موجود تھے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے گھانا کے چیف آف ڈیفنس اسٹاف کی ملاقات ہوئی جس میں دفاعی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز، (بقیہ نمبر 7)

اسحاق ڈار سے مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی کی ٹیلی فون پر گفتگو، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے مصر کے وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی نے ٹیلیفون (بقیہ نمبر 8)

اسحاق ڈار، کینیڈین وزیر خارجہ کا رابطہ، ایران امریکہ مفاہمت میں پاکستان کے تعمیری کردار کی تعریف

فریقین کا باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) کینیڈا نے ایران امریکہ مفاہمت میں پاکستان کے تعمیری کردار کا اعتراف کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار سے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند نے ٹیلیفونک رابطہ کیا۔ کینیڈین وزیر خارجہ نے امریکا اور ایران کے درمیان سفارتی رابطوں اور ثالثی کی کوششوں میں پاکستان کے تعمیری کردار کو (بقیہ نمبر 10)

لاہور: صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نئی فیلڈ مشینری کی چابیاں ڈی جی واسا پنجاب کے حوالے کر رہے ہیں۔

پاکستان ہر شعبے میں ایران کی مکمل حمایت جاری رکھے گا، وزیراعظم کی ایرانی صدر سے گفتگو

وزیراعظم شہباز شریف کو اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کی جانب سے ٹیلیفون کال موصول ہوئی، جو 30 منٹ سے زائد جاری رہی اور دونوں رہنماؤں کے درمیان اسلام آباد امن معاہدے پر دستخط کے بعد یہ پہلا رابطہ ہے

وزیراعظم شہباز شریف نے صدر مسعود پزشکیان، ایرانی قیادت اور ایران کے برادر عوام کو تاریخی امن معاہدے پر دستخط کی مبارک باد پیش کی اور کہا کہ یہ تاریخی معاہدہ خطے میں امن کے قیام میں مددگار ثابت ہوگا

ایرانی قوم کی تعمیر نو اور پاکستان وایران کے درمیان باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا باعث بھی بنے گا، وزیراعظم نے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای کے لیے بھی اپنے پرتپاک احترام اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے امن معاہدے پر دستخط کے بعد پہلی دفعہ ایران کے صدر مسعود پزشکیان کے ساتھ 30 منٹ جاری رہنے والے ٹیلیفونک رابطے میں اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ پاکستان ایک برادر اور ہمسایہ ملک کی حیثیت سے ہر شعبے میں ایران کی مکمل حمایت جاری رکھے گا جبکہ ایرانی صدر نے پاکستانی قیادت کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایران اس کردار کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھے گا۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیے کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کو آج سہ پہر اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کی جانب سے (بقیہ نمبر 13)

لاہور: جصوبائی وزیر تعمیرات وسواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ یوم عاشور کی تیاریوں کے حوالے سے راولپنڈی ڈویژن کے افسران سے آن لائن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ملک میں رہائش پذیر غیر ملکیوں کو شراب اجازت دی جائے، سینیٹ اراکین کی سفارش

کم پراپرٹی ٹیکس صرف پہلی بار گھر خریدنے والوں پر رکھا جائے جبکہ دوسری بار گھر خریدنے اور پلاٹس رکھنے والے سرمایہ کاروں پر پراپرٹی ٹیکس بحال رکھا جائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینٹ کی قائمہ کمیٹی نے وفاقی سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 15 فیصد اضافے اور غیر ملکیوں کو اپنے ساتھ شراب لانے کی اجازت دینے کی تجاویز دے دیں۔ بجٹ پر بحث کیلئے سینٹ کا اجلاس آج بھی چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی کی زیر صدارت ہوا، سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے چیئرمین نے کمیٹی کی فنانس بل 2026 پر ایوان کی سفارشات سینیٹ میں پیش کیں جس کی ایوان (بقیہ نمبر 14)

وفاقی آئینی عدالت نے مونال ریسٹورنٹ فوری کھولنے کی استدعا مسترد کر دی

عدالتیں وکلاء کے اتفاق سے نہیں چلتیں، کسی پر اپنا فیصلہ نہیں تھوپنا چاہتے، جسٹس حسن رضوی کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے مونال ریسٹورنٹ فوری کھولنے کی استدعا مسترد کر دی۔ جمعرات کو جسٹس حسن رضوی کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے کیس پر سماعت کی، وفاقی حکومت نے مونال ریسٹورنٹ مسمار کرنے کے فیصلے پر نظر ثانی کی حمایت کی۔ جسٹس حسن رضوی نے سپریم کورٹ کے فیصلے پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ فیصلے کے مطابق جانوروں کے حقوق ہیں لیکن انسانوں کے نہیں۔ دوران سماعت جسٹس حسن رضوی نے کہا کہ مونال کی (بقیہ نمبر 15)

ناروال، 17 سالہ لڑکی سے دو نوجوانوں کی مبینہ جنسی زیادتی، ملزمان گرفتار

ناروال (این این آئی) ناروال میں 17 سالہ لڑکی سے دو نوجوانوں کی مبینہ جنسی زیادتی، لڑکی ہسپتال منتقل، پولیس نے والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے دونوں نوجوانوں کو گرفتار کر لیا۔ بتایا گیا ہے کہ دو اوباش لڑکوں نے موٹر سائیکل سوار سترہ سالہ لڑکی (م) کو مبینہ طور پر اغواء (بقیہ نمبر 16)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کے 16 ویں سینڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پاکستان امن پسند ملک ہمیشہ خطے میں امن واستحکام کا خواہاں ہے، رانا تنویر حسین

امریکہ، ایران معاہدے کے بعد پاکستان کا وقار اور عالمی مقام پہلے سے کہیں زیادہ بلند ہوا، قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تنویر حسین نے کہا امریکہ، ایران کشیدگی کے باوجود پاکستان میں پٹرول کی قلت نہیں تھی۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے رانا تنویر حسین نے کہا کہ بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا، 19 جون کو تاریخ رقم ہونے جا رہی ہے، قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ ایک سپر پاور نے ثالثی کا کردار ادا کرنے کی درخواست کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے اور ہمیشہ خطے میں (بقیہ نمبر 20)

شہداد پور، حادثے کے شکار منی ٹرک کو ٹریک سے ہٹا دیا گیا، ریلوے حکام

شہداد پور (این این آئی) شہداد پور ریلوے اسٹیشن کے قریب ٹرین کا منی ٹرک سے ٹکرانے کا واقعہ، منی ٹرک کے ڈرائیور کی لاش نکال کر ہسپتال منتقل کر دی گئی۔ ریلوے حکام کے مطابق شہداد پور ریلوے اسٹیشن کے قریب پھاٹک پر کراچی سے پنجاب جانے والی پاک بزنس (بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی، ملازمین کے احتجاج پر میٹرو بس سروس کئی گھنٹے معطل، مذاکرات کے بعد بحال

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں میٹرو بس سروس کے ملازمین نے برطرفیوں اور تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف شدید احتجاج کیا جس کے باعث جڑواں شہروں کے درمیان میٹرو بس سروس معطل ہوگئی اور لاکھوں مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تاہم انتظامیہ نے فوری نوٹس لیتے ہوئے مظاہرین سے مذاکرات (بقیہ نمبر 23)

وفاقی ترقیاتی بجٹ سست روی کا شکار، ترقیاتی منصوبوں پر صرف 470 ارب روپے خرچ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی ترقیاتی بجٹ سست روی کا شکار، دس ماہ میں ترقیاتی منصوبوں پر صرف 470 ارب روپے خرچ کیے جا سکے۔ 1 ہزار ارب کے اصل ہدف کے مقابلے صرف 47 فیصد فنڈز کا استعمال ہوا، پی ایس ڈی پی کا نظر ثانی شدہ سالانہ ہدف 837 ارب مقرر ہے، (بقیہ نمبر 25)

پنجاب میں ٹریفک خلاف ورزیوں پر سخت کارروائیوں کے احکامات، مراسلہ جاری

تمام سی ٹی اوز، ڈی ٹی اوز کو سختی سے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کرانے کا حکم دیا گیا ہے، وقاص نذیر

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے صوبہ بھر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دے دیا۔ اس حوالے سے ایس ایس پی ہیڈ کوارٹرز سید ندیم عباس نے باقاعدہ مراسلہ جاری کر دیا ہے۔ مراسلے کے مطابق صوبہ بھر میں ٹریفک قوانین کے نفاذ کو سو فیصد یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ تمام سی ٹی اوز اور (بقیہ نمبر 21)

لاہور: جہانگیر خان ترین گورنمنٹ گریجویٹ کالج آف سائنس، وحدت روڈ لاہور میں جدید کمپیوٹر لیب کا افتتاح کر رہے ہیں۔

لاہور، گھر میں ڈکیتی کا ڈراپ سین، واردات کا ماسٹر مائنڈ بھانجا نکلا

سیف سٹی اور لوکل کیمروں کی مدد سے ملزمان گلبرگ سے گرفتار، لوٹا گیا سونا، نقدی اور اسلحہ برآمد

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے شالیمار کے گھر میں گن پوائنٹ پر ڈکیتی کے واقعے کا ڈراپ سین ہو گیا، واردات کا ماسٹر مائنڈ سگھا بھانجا نکلا۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او شالیمار علی حسن نے ٹیم نے ہمراہ کارروائی کر کے ملزمان گرفتار کر لیے۔ ملزم نے دوستوں کے ساتھ مل کر اپنے ہی رشتے دار کے گھر ڈکیتی کی منصوبہ بندی کی، سیف سٹی اور متعدد لوکل کیمروں کی مدد سے ملزمان کو گلبرگ کے علاقے سے ٹریس کیا گیا، سی سی ٹی وی فوٹیج میں ملزمان کو واردات کر کے فرار ہوتے دیکھا (بقیہ نمبر 24)

اگر ایک آواز دی تو پورا پاکستان اسلام آباد کی طرف مڈ آئیگا، مولانا فضل الرحمان

معقول سیاست کریں ہمیں مجبور نہ کریں، گھی آرام سے ڈبے سے باہر نہ آئے تو انگلی ٹیڑھی کر کے نکالنا پڑتا ہے، سربراہ جے یو آئی

چارسدہ (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام پاکستان کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ حکمران حکومت چلانے کے اہل نہیں اور ہر پاکستانی کو امن کی تلاش ہے، معقول سیاست کریں، اگر ہم نے ایک آواز دی تو پورا پاکستان اسلام آباد کی طرف اڈ آئے گا۔ جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے چارسدہ میں شہید اسلام کانفرنس سے خطاب کے دوران اسلام آباد جانے کی دھمکی دیتے ہوئے (بقیہ نمبر 26)

قومی پیغامِ امن کمیٹی نے محرم الحرام کیلئے "پیغامِ پاکستان ضابطِ اخلاق" جاری کر دیا

علماء ومشائخ کا امن، رواداری، بین المسالک ہم آہنگی اور قومی وحدت کے فروغ کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام، مشائخ عظام اور قومی پیغامِ امن کمیٹی کے اراکین نے محرم الحرام میں امن وامان کے قیام، بین المسالک وبین المذاہب ہم آہنگی، رواداری کے فروغ، فرقہ وارانہ تشدد، انتہاپسندی اور نفرت انگیزی کے خاتمے کے لیے حکومتِ پاکستان کی جانب سے جاری کردہ "پیغامِ پاکستان ضابطِ اخلاق" کی مکمل تائید و حمایت کرتے ہوئے اس پر سختی سے عمل درآمد کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ یہ اعلان (بقیہ نمبر 17)

سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں ڈسٹرکٹ امن کمیٹی کا اجلاس

محرم الحرام کی مجالس اور عزاداری جلوسوں کے شرکاء کو فول پروف سکیورٹی فراہم کی جائے گی، سی سی پی او لاہور

لاہور (این این آئی) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ محرم الحرام کی مجالس اور عزاداری جلوسوں کے شرکاء کو فول پروف سکیورٹی فراہم کی جائے گی۔ یہ بات انہوں نے پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں ڈسٹرکٹ امن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ جس میں آغا حسین قزلباش، مولانا محمد علی نقشبندی اور خواجہ میثم عباس، مفتی عمران سجاد، مولانا رائے ظفر علی، مولانا شکیل الرحمن اور مفتی عمران الحسن سجاد حنفی سمیت سینٹرل امن کمیٹی کے ارکان نے شرکت کی۔ (بقیہ نمبر 18)

لاہور: بکرکڑی ویجف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ داتا دربار ہسپتال میں قائم ورکشنل ٹریننگ سکول کی افتتاحی تختی کی نقاب کشائی کر رہے ہیں۔

رہائشی ایریا و گنجان آبادی میں قائم ہائی پلوٹڈ انڈسٹری یونٹس کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

کمشنر لاہور مریم خان انفورسمنٹ میکانزم ریویو کمیٹی کی کنوینر مقرر، رہائشی ایریا میں صنعتوں کی فہرست طلب کر لی

لاہور (این این آئی) سیکرٹری محکمہ انڈسٹریز عمر چیمہ اور کمشنر لاہور مریم خان کی زیر صدارت ماحولیاتی، صنعتی اور میونسپل آلودگی روک تھام کیلئے انفورسمنٹ میکانزم ریویو کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ کمشنر لاہور مریم خان انفورسمنٹ میکانزم ریویو کمیٹی کی کنوینر مقرر۔ اجلاس میں رہائشی ایریا و گنجان آبادی میں قائم ہائی پلوٹڈ انڈسٹری و یونٹس کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا گیا۔ محکمہ ماحولیات کی جانب سے کہا گیا کہ رہائشی ایریاز میں قائم ہائی پلوٹڈ صنعتی یونٹس کو ماحولیاتی این او سی (بقیہ نمبر 19)

پاکستان میں دہشتگردی کے پیچھے خوارج اور افغانستان کے درمیان روابط کے مزید شواہد منظر عام پر آ گئے

مہمند میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی میں 2 جہنم واصل ہونے والے خوارجیوں میں ایک افغانی خوارجی بھی شامل تھا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں دہشتگردی کے پیچھے فتنہ الخوارج اور افغانستان کے درمیان روابط کے مزید شواہد ایک بار پھر منظر عام پر آ گئے جب کہ مہمند کے علاقے شیخ بانڈہ میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی میں 2 جہنم واصل ہونے والے خوارجیوں میں ایک افغانی خوارجی بھی شامل تھا۔ سکیورٹی فورسز کی مہمند کے پہاڑی علاقے شیخ بانڈہ میں کامیاب کارروائی کے (بقیہ نمبر 27)

سی ٹی ڈی اور اے ٹی ایف ملازمین کی تنخواہیں 100 فیصد بڑھانے کی منظوری

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے سی ٹی ڈی اور اے ٹی ایف ملازمین کی تنخواہوں میں 100 فیصد بڑھانے کی منظوری دیدی۔ سیکرٹری خزانہ بلوچستان کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق سی ٹی ڈی اور اے ٹی ایف (بقیہ نمبر 28)

لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم سینئر افسران کے ہمراہ 1787 کمپلینٹ سنٹر پر شہریوں کی شکایات سن کر فوری ازالے کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کر رہے ہیں۔

ایران سے متعلق حالیہ سفارتی پیش رفت پوری دنیا کیلئے مثبت ثابت ہوگی، طلال چوہدری

پاکستان کی حالیہ سفارتی کامیابیوں کو عوامی فلاح میں تبدیل کرنے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو مل کر کام کرنا ہوگا، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ ایران سے متعلق حالیہ سفارتی پیش رفت نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا کے لیے مثبت ثابت ہوگی جس سے جنگ کے خطرات میں کمی آئے گی اور عالمی معیشت کو درپیش مشکلات میں بھی بہتری متوقع ہے۔ جمعرات کو پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایران پاکستان کا ہمسایہ اور برادر مسلم ملک ہے، دونوں (بقیہ نمبر 29)

لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ، پولیس قونصل جنرل سٹیشن سینڈرز کو پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں۔

گورنر پنجاب نے پنجاب فلم سٹی اتھارٹی بل 2026ء پر دستخط کر دیئے

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے پنجاب اسمبلی سے منظور ہونے والے پنجاب فلم سٹی اتھارٹی بل 2026ء پر دستخط کر دیئے ہیں جس کے بعد یہ قانون پورے صوبے میں نافذ العمل ہو گیا ہے۔ نئے قانون کے تحت پنجاب فلم سٹی اتھارٹی قائم کی جائے گی جس کا مقصد فلم انڈسٹری کی بحالی، روزگار کے مواقع اور تخلیقی (بقیہ نمبر 30)

پنجاب میں مقامی آرٹیفیشل انٹیلی جنس پلیٹ فارم قائم کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں مقامی آرٹیفیشل انٹیلی جنس پلیٹ فارم قائم کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ پنجاب حکومت نے ڈیجیٹل گورننس اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے میدان میں بڑا قدم اٹھاتے ہوئے گورنمنٹ جی پی یو کلاڈ منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ یہ منصوبہ نہ صرف سرکاری نظام کو جدید بنائے گا بلکہ مقامی سطح پر اے آئی ٹیکنالوجی کی ترقی میں بھی اہم (بقیہ نمبر 31)

سردار ایاز صادق سے رومانیہ کے سفیر کی ملاقات

دوطرفہ تعلقات وعلاقائی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے رومانیہ کے سفیر ڈاکٹر ڈین اسٹوئینسکو نے جمعرات کو پارلیمنٹ ہاس آباد میں ملاقات کی۔ سپیکر نے سفیر کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور دوطرفہ تعلقات و علاقائی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ (بقیہ نمبر 12)

وزیر مذہبی امور سے ترک سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات، مسلم دنیا کو درپیش چیلنجز پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف سے جمعرات کو پاکستان میں تعینات (بقیہ نمبر 11)

دہشتگردی کے مقدمات میں ججز، وکلاء اور گواہوں کے تحفظ کیلئے اہم فیصلے کر لئے گئے

انسداد دہشتگردی ایکٹ 1997 میں اہم ترامیم کی منظوری، ججز، وکلاء، گواہان کی شناخت خفیہ رکھی جائیگی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے دہشتگردی کے مقدمات میں ججز، وکلاء اور گواہوں کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے اہم اقدامات کا فیصلہ کر لیا۔ پنجاب کابینہ نے انسداد دہشتگردی ایکٹ 1997 میں اہم ترامیم کی منظوری دیدی ہے جس کے تحت دہشتگردی کیسز میں ججز، وکلاء اور گواہان کی شناخت خفیہ رکھی جائے گی۔ حساس مقدمات کیلئے خصوصی سکیورٹی اور ان کیمرہ ٹرائل کی تجویز بھی منظور کی گئی ہے جبکہ ویڈیو لنک کے ذریعے گواہی اور خفیہ شناختی نظام کیلئے جدید ٹیکنالوجی (بقیہ نمبر 32)

اے آئی اب مستقبل کی ٹیکنالوجی نہیں رہی بلکہ ایک عملی ذریعہ بن چکی ہے، بلال ثاقب

سول سروٹنٹس اے آئی کو بہتر طرزِ حکمرانی، عوامی خدمات کی موثر فراہمی، ریاستی صلاحیت کو مضبوط بنانے کیلئے استعمال کریں، بلال بن ثاقب

لاہور (این این آئی) پاکستان ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی کے چیئرمین و وزیر مملکت برائے کرپٹو بلاک چین بلال بن ثاقب نے زیر تربیت سول سروٹنٹس پر زور دیا کہ وہ مصنوعی ذہانت کو بہتر طرزِ حکمرانی، عوامی خدمات کی موثر فراہمی اور ریاستی صلاحیت کو مضبوط بنانے کے لیے استعمال کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول سروسز اکیڈمی لاہور میں مصنوعی ذہانت کے ذریعے گورننس کو مضبوط بنانے کے موضوع پر (بقیہ نمبر 33)

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

درجہ اول گھی، کوکنگ آئل کی قیمت میں 3 روپے اضافہ

لاہور (این این آئی) اوپن مارکیٹ میں درجہ اول گھی اور کوکنگ آئل کی قیمت میں 3 روپے اضافہ ہو گیا جس کے بعد نئی قیمت 598 روپے کلوگرام/لیٹر تک پہنچ گئی ہے۔ سن فلاور کوکنگ آئل کی قیمت میں بھی اضافہ دیکھا گیا ہے اور اس کی نئی قیمت 618 روپے فی کلوگرام تک (بقیہ نمبر 35)

لاہور میں 5 نئے انڈر گراؤنڈ واٹر سٹوریج ٹینکس کی تعمیر جاری

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں بارشی پانی کو محفوظ بنانے اور اربن فلڈنگ کے مسائل پر قابو پانے کے لئے (بقیہ نمبر 36)

پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کا ایئرپورٹ پر خواتین ملازمین کی سہولت کے لیے اہم اقدام

ہیڈ کوارٹرز کے بعد جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی پر بھی ڈے کیئر سینٹر کا افتتاح کر دیا گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کی جانب سے ایئرپورٹ پر خواتین ملازمین کی سہولت کے لیے اہم اقدام کرتے ہوئے ہیڈ کوارٹرز کے بعد جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی پر بھی ڈے کیئر سینٹر کا افتتاح کر دیا گیا۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے مطابق بیگم ایئر وائس مارشل ذیشان سعید ڈائریکٹر جنرل پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے جناح انٹرنیشنل (بقیہ نمبر 34)

ڈی آئی جی ٹریفک محمد وقاص نذیر عوامی مسائل وشکایات کے ازالے کیلئے متحرک

ٹریفک پولیس پنجاب کا کمپلینٹ سیل فعال، رواں سال 3600 سے زائد شکایات کا ازالہ کیا گیا، ترجمان

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کی ہدایت پر ٹریفک ہیڈ کوارٹرز کمپلینٹ سیل کے ذریعے شہریوں کی شکایات کا فوری ازالے کا سلسلہ جاری ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے تحت عوامی مسائل کے بروقت حل کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ترجمان (بقیہ نمبر 37)

پیٹرولیم قیمتوں میں کمی کے لیے جماعت اسلامی کا اسلام آباد میں احتجاج

پیٹرول 225 روپے فی لیٹر مقرر کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد() امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان کی اپیل پر اسلام آباد میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے لیے احتجاجی مظاہرہ، مظاہرے جماعت اسلامی کے کارکنان اور عوام کی بڑی تعداد میں شرکت، مظاہرین کا پیٹرول کی قیمت 225 روپے فی لیٹر کی سطح پر تین سال کے لیے فکس کرنے کا مطالبہ۔ احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی اسلام آباد انجینئر نصر اللہ رندھاوا نے کہا کہ اسلام آباد کے عوام کی احتجاجی مظاہرے میں شرکت عوامی غم و غصے کا اظہار ہے، پیٹرولیم لیوی کا نفاذ غریب عوام پر ظلم ہے، پیٹرول کی قیمتوں کا فیصلہ اشرافیہ کرتی ہے، پیٹرول کی قیمتیں طے کرنے والے خود سرکاری پیٹرول خرچ کرتے ہیں، ان کی بجلی، گیس اور گھر بھی سرکاری ہیں، نصر اللہ رندھاوا نے کہا کہ جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کی قیادت میں عوام کی آواز بلند کرے گی، حکمرانوں کو پیٹرول کی قیمت 225 روپے فی لیٹر کرنا پڑے گی، یہ عوام کے منہ سے روٹی کا نوالہ بھی چھیننا چاہتے ہیں، انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی کے نام پر رقم جمع کر کے آئی پی پیز کو دے دیئے جاتے ہیں، آئی پی پیز کو 3500 ارب روپے ادا کیے گئے، 2000 ارب روپے صرف کیپسٹی پیمنٹس کی ادائیگیاں ہوئیں، ایک سال کے دوران غریب عوام سے 1650 ارب روپے پیٹرولیم لیوی کے نام پر جمع کیے، آئی پی پیز کے مالک بھی حکومت میں شامل مافیا خود ہیں، ایک سال کے اندر 6000 ارب روپے صرف سود کا ادا کرتے ہیں، یہ بینک کن لوگوں کے ہیں جو سود وصول کرتے ہیں، بینک بھی ان ہی لوگوں کے ہیں جو ایوانوں میں بیٹھے ہیں، وفاقی شرعی عدالت سود کے خلاف فیصلہ دے چکی ہے، نصر اللہ رندھاوا نے کہا کہ ہر بجلی کے یونٹ پر 17 روپے فی یونٹ کیپسٹی پیمنٹس کے لاگو ہیں، عوام کے سولر پینلز پر حکومت کیپسٹی پیمنٹ کیوں ادا نہیں کرتی، 225 روپے فی لیٹر پیٹرول میں تمام قیمتیں شامل ہیں، خطے کے دوسرے ممالک سستا پیٹرول کس طرح دے رہے ہیں، پیٹرول 225 روپے فی لیٹر پر تین سال کے لیے فکس کیا جائے، 299 روپے فی لیٹر پیٹرول کی قیمت ہمیں منظور نہیں ہے۔

صحافت کے درخشاں چراغوں کو خراجِ عقیدت

مرحوم صحافیوں کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

کچھ تصاویر صرف تصاویر نہیں ہوتیں تاریخ کا حصہ ہوتی ہیں ماضی کا قصہ ہوتی ہیں حقائق کو چھپایا جاسکتا ہے مٹایا نہیں جاسکتا محمد احسن علوی (مرحوم) محمد زبیر شیخ، ڈاکٹر زکریا، مہر لیاقت علی شاہد (مرحوم) اور این ایس شانی کی صحافتی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا ان کی زندگی جہد مسلسل سے عبارت ہے گلستان کو لہو کی ضرورت پڑی سب سے پہلے ہی گردن ہماری کٹی پھر بھی کہتے ہیں مجھ سے یہ اہلِ چمن یہ چمن ہے ہمارا تمہارا نہیں (قمر جلالوی)۔۔۔۔۔اللہ تعالیٰ رفتگاں کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو آسانیاں عطا فرمائے اور آسانیاں تقسیم کرنے کا شرف عطا فرمائے۔۔۔۔۔آمین

گلشن حدید اسپتال میں نومولود جاں بحق، ورثا کا مبینہ غفلت کا الزام

ڈلیوری کے دوران بچے کی موت، لواحقین کا شفاف تحقیقات کا مطالبہ

کراچی (رپورٹ: فدا حسین پنہور) گلشن حدید میں واقع صائمہ جنرل اسپتال میں ڈلیوری کے دوران ایک نومولود بچے کے انتقال کے بعد افسوسناک صورتحال پیدا ہوگئی۔ ورثا نے اسپتال انتظامیہ پر مبینہ غفلت کا الزام عائد کرتے ہوئے انصاف اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ اہل خانہ کے مطابق بچے کی پیدائش کے فوراً بعد اس کی طبیعت خراب ہوئی اور دورانِ علاج وہ جانبر نہ ہو سکا۔ نومولود کے انتقال کی خبر ملتے ہی والدہ شدید صدمے میں چلی گئیں اور انہیں بار بار غشی کے دورے پڑنے لگے، جس کے باعث گھر میں کہرام مچ گیا۔ ذرائع کے مطابق واقعے کی اطلاع پولیس کو دی گئی، جس کے بعد پولیس موقع پر پہنچ گئی اور ابتدائی معلومات اکٹھی کرتے ہوئے معاملے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور ضروری قانونی کارروائی شواہد کی روشنی میں کی جائے گی۔ دوسری جانب اسپتال انتظامیہ کا مؤقف تاحال سامنے نہیں آیا، جبکہ لواحقین کا کہنا ہے کہ اگر طبی غفلت ثابت ہوتی ہے تو ذمہ داروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔ علاقے میں اس افسوسناک واقعے پر غم و افسوس کی فضا ہے، جبکہ شہریوں نے بھی مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں۔ نوٹ: اس خبر میں غفلت سے متعلق الزامات ورثا کی جانب سے لگائے گئے ہیں، جن کی تصدیق تاحال متعلقہ حکام کی تحقیقات کے بعد ہی ممکن ہوگی۔

ڈاکٹر ابرار حسین ملک کا سکردو و بلتستان کا دورہ

معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششوں پر زور

اسلام آباد آل پاکستان پرائیویٹ سکولز اینڈ کالجز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر ڈاکٹر ابرار حسین ملک کا دورۂ سکردو و بلتستان آل پاکستان پرائیویٹ سکولز اینڈ کالجز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر ڈاکٹر ابرار حسین ملک نے کہا ہے کہ ملک میں معیاری تعلیم کے فروغ اور تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے یہ بات اپنے دورۂ سکردو و بلتستان کے موقع پر کہی۔ سکردو آمد پر مختلف تعلیم دوست شخصیات نے ڈاکٹر ابرار حسین ملک کا پرتپاک استقبال کیا اور شعبۂ تعلیم کے لیے ان کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ ڈاکٹر ابرار حسین ملک اپنے دورے کے دوران مقامی تعلیمی اداروں کے سربراہان، ماہرینِ تعلیم اور تعلیم دوست تنظیموں کے نمائندگان سے ملاقاتیں کریں گے، جہاں وہ علاقے کو درپیش تعلیمی مسائل سے آگاہی حاصل کرنے کے بعد اپنے تجربات کی روشنی میں ان کے ممکنہ حل اور بہتری کے لیے تجاویز بھی پیش کریں گے۔ دورے کے دوران وہ مختلف سیاسی، سماجی اور ثقافتی شخصیات سے بھی ملاقاتیں کریں گے۔ علاوہ ازیں ڈاکٹر ابرار حسین ملک مختلف ثقافتی اور سماجی تقریبات میں خصوصی شرکت کریں گے اور خطے کے اہم سیاحتی و تفریحی مقامات کا بھی دورہ کریں گے، جب کہ ان کی قیام گاہ پر علاقے کی ممتاز شخصیات سے ملاقاتوں کا سلسلہ بھی جاری رہے گا۔

ایس ایس پی دادو کا سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ

مجالس وجلوسوں کے روٹس اور حساس مقامات کا دورہ



دادو (رپورٹ سرور جلال سولنگی) ماہ محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام، مذہبی ہم آہنگی کے فروغ اور عزاداران کو پرامن ماحول کی فراہمی کے سلسلے میں ایس ایس پی دادو کیپٹن (ر) صدام حسین خاصخیلی نے دادو شہر کی مختلف امام بارگاہوں، مجالس و جلوسوں کے روٹس اور حساس مقامات کا دورہ کرتے ہوئے سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا، دورے کے دوران ایس ایس پی دادو نے مختلف مجالس اور جلوسوں کی گزرگاہوں کا معائنہ کیا اور متعلقہ پولیس افسران و اہلکاروں کو مستعدی، چوکسی اور پیشہ ورانہ انداز میں فرائض سرانجام دینے کی ہدایت کی، ایس ایس پی دادو نے مختلف مدارس، مساجد اور دیگر حساس شخصیات کا بھی معائنہ کیا اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا، اس موقع پر انہوں نے مرکزی شیعہ رہنما سید فدا حسین شاہ کاظمی، جمعیت علماء اسلام کے سینئر نائب امیر مولانا حبیب الرحمٰن ملکانی، جماعت اہل سنت کے امیر مولانا عبد الوحید قریشی، امام بارگاہوں کی انتظامیہ، علماء کرام اور عزاداروں سے ملاقاتیں کیں، ایس ایس پی دادو نے محرم الحرام کے دوران امن، بھائی چارے، مذہبی رواداری اور بین المسالک ہم آہنگی کے فروغ کے لیے ضلعی پولیس کی جانب سے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے تمام مکاتبِ فکر کے علماء اور شہریوں سے بھرپور تعاون کی اپیل کی، امام بارگاہوں کی انتظامیہ اور مذہبی رہنماؤں نے دادو پولیس کی جانب سے کیے گئے سیکیورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے پولیس کی کاوشوں کو سراہا اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی، اس موقع پر ڈی ایس پی دادو سٹی اکبر علی چنہ، ڈی آئی پی انچارج عبد الستار میرانی، ایس ایچ او اے سیکشن لیاقت سرکی بھی ایس ایس پی دادو کے ہمراہ تھے، ایس ایس پی دادو کیپٹن (ر) صدام حسین خاصخیلی نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران مجالس اور جلوسوں کی فول پروف سیکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے ضلع دادو پولیس مکمل طور پر الرٹ ہے اور تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں،

محرم الحرام صبر، قربانی اور تقویٰ کا پیغام دیتا ہے، روبینہ سیدہ

واقعہ کربلا حق و باطل کی معرکہ آرائی کی عظیم مثال



(روبینہ سیدہ۔ راولپنڈی) ماہ محرم دلخراش سانحے واقعہ کربلا کی یاد دلاتا ہے**********محرم الحرام ہجری کیلنڈر کا پہلا مہینہ ہے اور یہ ان چار مہینوں میں سے ہے جن کو اللہ تعالیٰ نے "اشھر حرم" یعنی حرمت والے مہینے قرار دیا ہے اور ان چار مہینوں (ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب) کو دیگر مہینوں پر فضیلت دی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک انتہائی عظمت و حرمت والا مہینہ ہے۔ نبی کریم ﷺ الٰہ علیہ والہ وسلم نے اس ماہ کو "شہر اللہ" یعنی اللہ کا مہینہ قرار دیا ہے۔ جو اس کی عظمت اور خاص رحمت کی دلیل ہے۔ محرم الحرام کے معنی "عظمت والا مہینہ" اور اس کو یہ اسلیے دیا گیا ہے۔ کیوں کہ اس میں عربی زبان کے لفظ "حرمت" (عزت اور احترام) کی وجہ سے جنگ و جدل ممنوع ہوتے ہیں۔ حرام کے لغوی معنی قابل احترام ہیں اس کی حرمت و عظمت پر زور دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اور اس میں کی گئی عبادات کی فضیلت اور گناہوں سے بچنے کی تاکید کی گئی ہے۔ محرم الحرام محض ایک کیلنڈر کا مہینہ نہیں بلکہ یہ صبر، قربانی، تقویٰ اور روحانی بیداری کا استعارہ ہے۔ اس مہینے میں روزے رکھنے کثرت سے نوافل ادا کرنے اور گناہوں سے بچنے کا خصوص حکم اور ثواب ہے۔ لہذا ہر مسلمان کو چاہیے کہ محرم الحرام کے مہینے میں اللہ تعالیٰ کی زیادہ سے زیادہ عبادت کریں اور گناہوں سے بچنے کا پورا اہتمام کریں۔ محرم کے روزے رمضان کے بعد سب سے افضل قرار دیئے گئے ہیں سب سے اہم دس محرم کا روزہ ہے۔ یہودی قوم کی مشابہت سے بچنے کیلئے ہدایت کی گئی ہے کہ عاشورہ کے ساتھ 9 محرم یا 11 محرم کا بھی روزہ رکھا جائے۔ محرم کا مہینہ تاریخ اسلام کے سب سے بڑے اور دلخراش سانحے یعنی واقعہ کربلا کی یاد دلاتا ہے۔ جہاں تاریخ اسلام کی سب سے بڑی توہین رسالت میدان کربلا میں ہوئی اس گلے کو مسلمانوں نے کاٹا جسکو نبی کریم ﷺ الٰہ علیہ والہ وسلم چوما کرتے تھے۔ 10 محرم 61 ہجری کو نواسہ رسول ﷺ الٰہ علیہ والہ وسلم جگر گوشہ بتول حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے اہل خانہ نے میدان کربلا میں باطل کے سامنے ڈٹ کر عظیم قربانی دی۔ اپ نے ظلم و جبر کے نظام کے آگے جھکنے کے بجائے اپنی جان قربان کر دی مگر دین اسلام کے اصولوں پر آنچ نہ آنے دی۔ یہ واقعہ مسلمانوں کو صبر استقامت، حق و صداقت اور مظلومیت کا درس دیتا ہے۔ □ کیا تعریف کروں حسین تیری ذات کی □ صبر بھی رو پڑا جب کربلا کی رات تھی میدان کربلا میں دی گئی یہ لازوال قربانی انسانیت کو یہ سکھاتی ہے کہ کتنا ہی کوئی طاقتور کیوں نہ ہو، سچائی اور حق پرستی کی راہ میں ڈٹے رہنا ہی اصل کامیابی ہے۔ امام حسین علیہ السلام کی شہادت کا بنیادی فلسفہ حق اور باطل کے درمیان فرق واضح کرنا تھا۔ آپ نے ظلم۔ جبر اور نہ انصافی کے سامنے جھکنے کے بجائے اصول کی خاطر ڈٹ جانے کا درس دیا۔ اللہ پاک ہمیں حضرت امام حسین علیہ السلام کی عظیم قربانی کے اصل فلسفے کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

شمالی پنجاب میں پیٹرولیم قیمتوں کے خلاف جماعت اسلامی کے احتجاجی مظاہرے

پیٹرول 225 روپے فی لیٹر کرنے کا مطالبہ زور پکڑ گیا

اسلام آباد ( ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی اپیل پر ملک بھر کی طرح شمالی پنجاب کے تمام ضلعی ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی، گجرات، منڈی بہاوالدین، تلہ گنگ خوشاب، چکوال، جہلم، اٹک، میانوالی، سرگودھا، بھکر اور مری میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی نہ کرنے کے خلاف احتجاجی مظاہرے کیے گئے جس کی قیادت مرکزی، صوبائی اور ضلعی رہنماؤں نے کی، جماعت اسلامی پاکستان کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل اظہر اقبال احسن نے راولپنڈی جبکہ امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم نے گجرات اور سیکرٹری جنرل اقبال خان نے اٹک میں احتجاجی مظاہرے کی قیادت کی۔ اس موقع پر مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے اظہر اقبال احسن نے کہا ایران، امریکہ جنگ کے خاتمے کے بعد دنیا بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی آئی ہے، لیکن پاکستان میں حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل کو کمائی کا ذریعہ بنا رکھا ہے، جماعت اسلامی کی احتجاجی کال پر پٹرول کی قیمت میں 74 روپے فی لیٹر کی عوامی دباؤ کی کامیابی ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ قیمت 225 روپے فی لیٹر پر لائی جائے، پٹرولیم لیوی کی کوئی گنجائش نہیں۔ پٹرول کی قیمت فوری طور پر 225 روپے فی لیٹر کی جائے، اب 10 یا 20 روپے کی کمی سے مسئلہ حل نہیں ہوگا پٹرول پر عائد لیوی ختم کی جائے اور قیمتوں کو تین سال کے لیے منجمد کیا جائے تاکہ شہریوں کو ریلیف مل سکے اور مہنگائی کی لہر میں کمی واقع ہو، انھوں نے کہا دنیا بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہو رہی ہیں، جبکہ ایران امریکا معاہدے کے بعد عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں مزید کمی کا رجحان ہے، ایسے حالات میں پاکستان میں بھی عوام کو فوری ریلیف ملنا چاہیے، حکومت اپنی گاڑیوں، مراعات اور غیر ضروری اخراجات میں کمی کے بجائے عوام پر بوجھ ڈال رہی ہے۔ اظہر اقبال احسن نے مطالبہ کیا کہ پٹرولیم لیوی فوری ختم یا کم کی جائے، جبکہ بجلی اور گیس کی قیمتوں میں بھی کمی کی جائے، حکمران خود اعتراف کرتے ہیں کہ آئی ایم ایف کا دباؤ ہے اور ملک اس کے شکنجے میں جکڑا ہوا ہے، تاہم ان کی اپنی شاہ خرچیوں کے لیے آئی ایم ایف کا کوئی دباؤ نہیں، یہ عالمی مالیاتی ادارے کے دیے گئے اہداف عوام پر بجلی، پٹرول اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ اور براہ راست ظالمانہ ٹیکس کے ذریعے حاصل کرتے ہیں، احتجاجی مظاہرے سے امیر جماعت اسلامی راولپنڈی سید عارف شیرازی، عثمان اکاش، رضا احمد شاہ نے بھی خطاب کیا۔ ڈاکٹر طارق سلیم نے کہا ایران امریکہ مفاہمت اور آبنائے ہرمز کھلنے کے بعد عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں مسلسل کم ہو رہی ہیں، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں معمولی کمی اُونٹ کے منہ میں زیرے کے مترادف ہے، حکمران پیٹرول اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کر کے آئی ایم ایف کے احکامات کا بوجھ عوام پر منتقل کر رہے ہیں، حالانکہ عوام پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور ٹیکسوں کے دباؤ کا شکار ہیں، موٹر سائیکل چلانے والا عام غریب آدمی، مزدور، طالب علم اور عوام لیوی کی مد میں حکومت کو سالانہ اربوں روپے دے رہے ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب نے 11 ارب روپے کا جہاز اور، چیئرمین سینیٹ نے 9 کروڑ روپے کی گاڑی خرید کر مہنگائی سے تنگ عوام کی زخموں پر نمک چھڑکا ہے، انھوں نے کہا اب فیصلہ کن وقت آ گیا ہے، حکومت کو عوام پر بوجھ ڈالنے کی پالیسی ختم کرنا ہوگی تاکہ معیشت کا پہیہ چل سکے، صنعتیں ترقی کر سکیں اور عام آدمی کو ریلیف مل سکے، حکومت کسانوں، مزدوروں اور عام آدمی کو سہولت دے، سرکاری اخراجات میں کمی کے لیے اقدامات کیے جائیں، بڑی گاڑیوں کے استعمال پر پابندی لگنی چاہیے، اعلیٰ عدلیہ کے ججز، جنرلز اور حکمران اشرافیہ کو اپنی مراعات میں کمی کا آغاز خود کرنا چاہیے، ڈاکٹر طارق سلیم نے کہا حالیہ بجٹ میں بھی عام آدمی اور غریب طبقے کے لیے کچھ نہیں رکھا گیا، ملک میں ہر گزرتے دن کے ساتھ غربت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔

بلاوڑہ شریف میں حضرت پیر صوبیدار مسنجف علی سرکارؒ کا 22 واں سالانہ عرس اختتام پذیر

لاکھوں زائرین کی عرس مبارک میں عقیدت بھری شرکت

راولپنڈی (عمران ستی) دنیا کے عظیم صوفی بزرگ پیر طریقت و رہبر شریعت حضرت قبلہ عالم پیر صوبیدار مسنجف علی سرکار رحمۃ اللہ علیہ کا 22 واں سالانہ عرس مبارک دربار عالیہ بلاوڑہ شریف میں روحانی عقیدت و احترام کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا عرس مبارک میں پاکستان کے مختلف شہروں سمیت بیرونِ ممالک سے لاکھوں زائرین مریدین اور عاشقانِ رسول ﷺ نے شرکت کی اور اپنے روحانی پیشوا کو خراج عقیدت پیش کیا عرس کے موقع پر زائرین کے لیے لنگر غوثیہ رہائش پارکنگ اور دیگر سہولیات کا بہترین انتظام کیا گیا جبکہ خدام نے صاحبزادہ حق خطیب حسین علی بادشاہ سرکار کی ہدایات کے مطابق خدمتِ خلق اور مہمان نوازی کے فرائض انجام دیے عرس کی تمام تقریبات صاحبزادہ حق خطیب حسین علی بادشاہ سرکار کی زیرِ نگرانی منعقد ہوئیں جن میں علمائے کرام مشائخ عظام نعت خواں حضرات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی تقریبات میں سجادہ نشین دربار فرید رحمۃ اللہ علیہ و عالمی مبلغ اسلام خواجہ محمد عامر کوریجہ سائیں مناظر اسلام علامہ پیر سید امتیاز حسین شاہ کاظمی ضیائی سابق رکن قومی اسمبلی غلام مرتضیٰ ستی سابق ایم پی اے میجر لطاسب ستی جاوید اقبال ستی عبدالجبار ستی سردار منصور عباسی چوہدری یٰسین آفتاب شریف چیف آفیسر میونسپل کمیٹی کوٹلی ستیاں صاحبزادہ عمران اختر سابق صدر نیشنل پریس کلب اسلام آباد شکیل قرار راجہ ساجد دھنیال نوید ستی اور سینئر کمیٹی ممبر نوید کیانی سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی عرس مبارک کی اختتامی تقریب تاجدار ختم نبوت زندہ باد کانفرنس کے عنوان سے منعقد ہوئی جس میں عقیدۂ ختم نبوت عشقِ رسول ﷺ اور خدمتِ انسانیت کے پیغام کو اجاگر کیا گیا اپنے خطاب میں صاحبزادہ حق خطیب حسین علی بادشاہ سرکار نے کہا کہ حضرت پیر صوبیدار مسنجف علی سرکار رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی زندگی عشقِ مصطفیٰ ﷺ رضائے الٰہی اور خدمتِ انسانیت کے لیے وقف کیے رکھی انہوں نے کہا کہ عقیدۂ ختم نبوت ایمان کا بنیادی جزو ہے اور محبتِ رسول ﷺ ہی دنیا و آخرت کی کامیابی کا ذریعہ ہے انہوں نے مزید کہا کہ دربار عالیہ بلاوڑہ شریف محبت اخوت رواداری اور خدمتِ خلق کا مرکز ہے جہاں سے دینِ اسلام اور عشقِ رسول ﷺ کا پیغام عام کیا جا رہا ہے اختتامی دعا کے موقع پر ملکی سلامتی امن استحکام اور امت مسلمہ کی سربلندی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں عرس کے اختتام پر زائرین روحانی کیفیت اور عقیدت کے جذبات کے ساتھ رخصت ہوئے کی کہ اللہ رب العزت الحاج قاری عبدالغفور ڈار کے حج حاضری مدینہ منورہ اور تمام عبادات کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے ان کی دینی ملی اور قرآنی خدمات کو شرفِ قبولیت عطا کرے اور انہیں صحت و سلامتی کے ساتھ دینِ اسلام کی خدمت کا مزید موقع عطا فرمائے اس موقع پر الحاج قاری عبدالغفور ڈار نے بھی آنے والے انتخابات میں امیدوار برائے چیئرمین یونین کونسل آہدی خرم خان بھٹی کی کامیابی کے لیے خصوصی دعا کی۔ ل انہوں نے کہا کہ میں نے اللہ کے گھر اور روضۂ رسول ﷺ پر بھی خرم خان بھٹی کی کامیابی کے لیے دعا کی تھی اور اب بھی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے چھوٹے بھائی کو کامیابی و کامرانی عطا فرمائے تقریب کے اختتام پر ملک و قوم امت مسلمہ اور تمام حاضرین کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں

حج بیت اللہ کی سعادت پر قاری عبدالغفور ڈار کو مبارکبادوں کا سلسلہ جاری

معززینِ علاقہ کی قاری عبدالغفور ڈار کی رہائش گاہ پر حاضری

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) خطیب پاکستان خادم قرآن مجید فرقانِ حمید الحاج قاری عبدالغفور ڈار کی جانب سے حج بیت اللہ کی عظیم سعادت حاصل کرنے پر معززینِ علاقہ سماجی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں معروف سماجی شخصیت راجہ وقار مستالوی کاروباری شخصیت واوزتاج پیلس ہوٹل دولتالہ راجہ آفتاب سینئر صحافی وسماجی شخصیت میاں عمران لطیف امیدوار برائے چیئرمین یونین کونسل آہدی خرم خان بھٹی چوہدری عثمان گجر آف دولتالہ حافظ ناصر گجر آف ڈھونگ راجہ بلال بالی آف تراٹی سمیت دیگر معززین نے الحاج قاری عبدالغفور ڈار کی رہائش گاہ پر حاضری دی اور انہیں حج کی سعادت حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کی مبارکباد دینے والوں نے دعا کے لیے خصوصی دعا کی۔

پیپلز پارٹی کی سوشل میڈیا ایکٹوسٹ صبا حیدر کے انتقال پر اظہارِ افسوس

آصف شفیق ستی کا صبا حیدر کی خدمات کو خراجِ تحسین



کوٹلی ستیاں (ظاہر ستی) پاکستان پیپلز پارٹی کی معروف سوشل میڈیا ایکٹوسٹ اور جیالی کارکن صبا حیدر کے انتقال پر پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما آصف شفیق ستی نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی پارٹی کے لیے خدمات کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں آصف شفیق ستی نے کہا کہ صبا حیدر ایک مخلص، متحرک اور نظریاتی کارکن تھیں جنہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے پیغام کو سوشل میڈیا کے ذریعے عوام تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے ہمیشہ پارٹی قیادت اور کارکنوں کے شانہ بشانہ رہتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کو جماعت کے لیے وقف کیے رکھا۔ انہوں نے کہا کہ صبا حیدر کی وفات پاکستان پیپلز پارٹی کے لیے ایک بڑا نقصان ہے، جس کا خلا بآسانی پُر نہیں کیا جا سکے گا۔ ان کی سیاسی وابستگی، کارکنوں سے محبت اور پارٹی کے لیے انتھک خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ آصف شفیق ستی نے مرحومہ کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ صبا حیدر مرحومہ کو جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان مرحومہ کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور ان کی یاد ہمیشہ دلوں میں زندہ رہے گی۔

کراچی انکم ٹیکس سوسائٹی میں دو روزہ مجلسِ عزا کا انعقاد

اقبال حسین چنا کی جانب سے محرم الحرام کی خصوصی مجلس

کراچی ایسٹ (رپورٹ: فدا حسین پنہور) کراچی انکم ٹیکس سوسائٹی کی مسجد امام بارگاہ حضرت ابو الفضل العباس علمدار شہنشاہ باوفا میں محرم الحرام کی مناسبت سے سماجی رہنما اقبال حسین چنا کی جانب سے 2 روزہ مجلسِ عزا منعقد ہوئی۔ محرم الحرام کی مجلسِ عزا کی تقریب میں مسلمان مومنین نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے حضرت امام حسین علیہ السلام اور کربلا کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ مجلس کو خطاب کرنے والوں نے کربلا کی عظیم قربانیوں، صبر، استقامت اور حق کی راہ میں دی گئی لازوال مثالوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کا مہینہ مسلمانوں کو قربانی، اتحاد اور دین اسلام کے حقیقی پیغام پر عمل کرنے کا درس دیتا ہے۔ مجلس کے دوران ذکرِ اہلِ بیت اور فضائل بیان کیے گئے، جبکہ شرکاء نے بڑی عقیدت اور احترام کے ساتھ مجلس میں شرکت کی۔ آخر میں ملک کی سلامتی، امن، بھائی چارے اور امت مسلمہ کی بھلائی کے لیے خصوصی دعائیں بھی مانگی گئیں۔ اس موقع پر اقبال حسین چنا کی جانب سے تمام مومنین کو نذرِ نیاز بھی کھلائی گئی۔ کراچی انکم ٹیکس سوسائٹی کی مسجد امام بارگاہ حضرت ابو الفضل العباس علمدار شہنشاہ باوفا میں محرم الحرام کی مناسبت سے سماجی رہنما اقبال حسین چنا کی جانب سے 2 روزہ مجلسِ عزا منعقد ہوئی۔ محرم الحرام کی مجلس عزا کی تقریب میں مسلمان مومنین نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے حضرت امام حسین علیہ السلام اور کربلا کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ مجلس کو خطاب کرنے والوں نے کربلا کی عظیم قربانیوں، صبر، استقامت اور حق کی راہ میں دی گئی لازوال مثالوں پر روشنی ڈالی، اتحاد اور دین اسلام کے حقیقی پیغام پر عمل کرنے کا درس دیا۔ مجلس کے دوران ذکرِ اہلِ بیت اور فضائل بیان کیے گئے، جبکہ شرکاء نے بڑی عقیدت اور احترام کے ساتھ مجلس میں شرکت کی۔ آخر میں ملک کی سلامتی، امن، بھائی چارے اور امت مسلمہ کی بھلائی کے لیے خصوصی دعائیں بھی مانگی گئیں۔ اس موقع پر اقبال حسین چنا کی جانب سے تمام مومنین کو نذرِ نیاز بھی کھلائی گئی۔

دادو میں محرم الحرام کے سلسلے میں مجالسِ عزا اور ماتمی جلوس جاری

سورج آباد اور دیگر علاقوں میں علمِ پاک اور ذوالجناح کے جلوس برآمد

دادو (رپورٹ: سرور جلال سولنگی) دادو اور گردونواح میں محرم الحرام کے عشرہ کے سلسلے میں مجالسِ عزا، ماتمی جلوسوں، علمِ پاک کی تنصیب اور نہرائے جانے کی تقریبات کا سلسلہ جاری ہے، شہر اور مضافاتی علاقوں کی چھوٹی بڑی امام بارگاہوں میں نمازِ مغربین کے بعد مجالسِ عزا منعقد کی جا رہی ہیں، جبکہ سڑکوں اور گلیوں میں عزاداروں کے لیے ٹھنڈے پانی اور شربت کی سبیلیں بھی قائم کی گئی ہیں، گزشتہ روز سورج آباد محلہ میں سید مصری شاہ حویلی سے سید جانی شاہ کی قیادت میں علمِ پاک اور ذوالجناح کے ہمراہ ماتمی جلوس برآمد ہوا۔ اسی طرح امام بارگاہ سفینۂ قلندری سے سید ممتاز شاہ، سید محبت شاہ اور سید شبیر شاہ کی قیادت میں دوسرا جلوس نکالا گیا، جبکہ سورج آباد میں غلام شبیر چارن کی رہائش گاہ پر مجلسِ عزا کے بعد زنوار غلام شبیر کی قیادت میں علمِ پاک اور ذوالجناح کے ہمراہ نوحہ خوانی کرتے ہوئے ماتمی جلوس برآمد کیا گیا، جو اپنے مقررہ راستوں سے گزرنے کے بعد اختتام پذیر ہوا، دریں اثنا مچھلی مارکیٹ میں واقع مرکزی امام بارگاہ حیدری میں بھی مجلسِ عزا منعقد کی گئی، جس سے مولانا ذیشان علی نجفی نے خطاب کرتے ہوئے حضرت امام حسینؑ اور

بقیہ 1

زاہد امام بارگاہوں پر کیو آر کوڈ پینک بٹن کی سہولت دی جارہی ہے۔ کیو آر کوڈ پینک بٹن سے کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اور بروقت امداد فراہم کی جاسکے گی۔عوام کی جان ومال کی حفاظت کو ہرصورت یقینی بنائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ محرم الحرام ہمیں صبر استقلال،محبت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔جلوسوں اور مجالس میں آنے والے عزاداروں کو محفوظ اور پرسکون ماحول مہیا کریں گے۔صوبہ بھر میں ایک لاکھ 24 ہزار سے زاہد پولیس اہلکار اور رینجرز کے 15 ہزار جوان محرم الحرام میں سیکورٹی ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔

بقیہ 2

سینیٹرز نے حصہ لیا جو عوامی مالیات پر بامعنی پارلیمانی نگرانی کے حوالے سے ایوان بالا کے مضبوط عزم کا مظہر ہے۔ جمعرات کو سینیٹ میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی جانب سے بجٹ بحث سمیٹنے کے بعد اپنے اختتامی کلمات میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے ارکان نے بجٹ پر اپنی آرا، سفارشات اور تحفظات پیش کیے جس سے بجٹ کا جامع اور شفاف جائزہ ممکن ہوا۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ ومحصولات اور قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات نے فنانس بل 2026 اور پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) پر تفصیلی غور کیا۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹیوں نے سینیٹرز کی جانب سے پیش کی گئی تجاویز کا باریک بینی سے جائزہ لینے کے لیے طویل اجلاس منعقد کیے اور ہر سفارش کو اس کی افادیت کی بنیاد پر پرکھا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ کمیٹیوں کی کاوشوں کے نتیجے میں رپورٹ تیار کی گئی جو ایوان میں پیش کی گئی، سینیٹ نے متفقہ طور پر منظوری اور بعدازاں اسے غوروخوض کے لیے قومی اسمبلی کو بھجوا دیا گیا۔ انہوں نے بجٹ عمل میں تمام سینیٹرز کی تعمیری شرکت اور قیمتی تجاویز پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کوششوں سے پارلیمانی مباحثے کے معیار میں بہتری آئی اور شفافیت، احتساب اور جمہوری نگرانی کے محافظ کے طور پر سینیٹ کا کردار مزید مضبوط ہوا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محصولات کے چیئرمین سینیٹر سلیم مانڈوی والا اور قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات کی چیئرپرسن سینیٹر فرلعین مری کو بھی خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے بجٹ جائزہ عمل کے دوران کمیٹیوں کی موثر قیادت کی۔ انہوں نے سینیٹ سیکرٹریٹ کے افسران اور عملے بالخصوص رجسٹریشن برانچ اور کمیٹی برانچ کے حکام کی پیشہ ورانہ خدمات اور انتھک محنت کو بھی سراہا جنہوں نے بجٹ اجلاس کے دوران ایوان اور کمیٹیوں کے اجلاسوں کے انعقاد میں اہم کردار ادا کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ان اجتماعی کوششوں سے ملک کے مالیاتی امور میں شفافیت، احتساب اور موثر پارلیمانی نگرانی کے فروغ کے لیے سینیٹ کے آئینی کردار کو مزید تقویت ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ جائزہ عمل کی کامیاب تکمیل اس بات کا ثبوت ہے کہ جب پارلیمانی ادارے موثر انداز میں کام کرتے ہیں تو وہ جمہوری طرز حکمرانی کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 3

چیلنجز، توانائی کی ضروریات اور کاروباری سرگرمیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسا بجٹ پیش کیا ہے جس کا مقصد عوام اور صنعتوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے۔ جمعرات کو پارلیمنٹ ہاس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک ایسا ملک ہے جس کی توانائی کی ضروریات کا بڑا حصہ بیرونی ممالک پر منحصر ہے تاہم حکومت نے گزشتہ چند ماہ کے دوران مشکل معاشی حالات کا مثر انداز میں مقابلہ کیا ہے جسے بین الاقوامی سطح پر بھی سراہا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے لئے ریونیو اہداف کا حصول اہم ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ عوام اور کاروباری طبقے کو سہولتیں فراہم کرنا بھی ضروری ہے تاکہ کاروبار ترقی کریں، روزگار کے مواقع پیدا ہوں، سروس انڈسٹری کو فروغ ملے اور قومی معیشت مضبوط ہو۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ کی تیاری میں ان تمام عوامل کو مدنظر رکھا گیا ہے اور دستیاب گنجائش کے مطابق بہترین تجاویز شامل کی گئی ہیں۔ جام کمال نے کہا کہ ملک میں معاشی استحکام کی فضا پیدا ہوئی ہے جس کے مثبت اثرات برآمدات اور سرمایہ کاری پر بھی مرتب ہوں گے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ حکومتی مراعات اور پالیسیوں کے باعث برآمدات میں اضافہ ہوگا اور معیشت مزید مضبوط ہوگی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور دیگر علاقوں میں بدامنی پھیلانے کی کوششوں کے پیچھے ملک دشمن عناصر کے عزائم کسی سے پوشیدہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی اور انتشار کو فروغ دینے کے لئے بیرونی مداخلت کے شواہد بھی سامنے آتے رہے ہیں تاہم حکومت اور ریاستی ادارے ایسے عناصر کے مذموم مقاصد کو ناکام بنانے کیلئے پرعزم ہیں۔ وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ عوام میں شعور اور حقائق سے آگاہی بڑھنے کے ساتھ ملک دشمن بیانیے کی حقیقت مزید واضح ہو جائے گی اور پاکستان ترقی واستحکام کے سفر کو جاری رکھے گا۔

بقیہ 4

ہے کہ پی ایس ڈی پی کی مجموعی مختص رقم 78.2 ارب روپے رہ گئی ہے، فنڈز کے استعمال کی رفتار تشویشناک ہے، غریب آبادیوں کی بے دخلی سے قبل متبادل رہائش کی فراہمی ریاستی ذمہ داری ہے، آبادی میں اضافے کے باوجود کم آمدنی والے طبقے کیلئے رہائشی منصوبہ بندی ناکافی ہے، سی ڈی اے نچلے طبقے کی ضروریات کے مطابق جامع ماسٹر پلان تیار کرے، کلائمیٹ اتھارٹی کو وزارت کے ماتحت ہونا چاہئے، وزارتِ ماحولیاتی تبدیلی مجوزہ ترامیم کمیٹی کے ساتھ شیئر کرے۔ جمعرات کو سینیٹر شیری رحمان کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے ماحولیاتی تبدیلی کا اجلاس ہوا۔ شیری رحمن نے کہا کہ پی ایس ڈی پی کی مجموعی مختص رقم 78.2 ارب روپے رہ گئی، فنڈز کے استعمال کی رفتار تشویشناک ہے جس پر سیکرٹری پی ایس ڈی پی نے کہا کہ معاشی صورتحال کے باعث پی ایس ڈی پی میں کٹوتی کی گئی، تاہم یو جی پی پی کے تحت نئے منصوبے منظور ہوئے، زیر التوا بوٹینیکل گارڈن منصوبے کیلئے 700 ایکڑ اراضی مختص کردی گئی۔ شیری رحمن نے کہا کہ مون سون صورتحال پر فوری توجہ اور ہنگامی اقدامات ناگزیر ہیں۔ اس موقع پر چیئرمین این ڈی ایم اے نے کہا کہ 2026 تا 2027 ایل نینو مزید شدت اختیار کرے گا، آئندہ سال گزشتہ 40 برسوں کا گرم ترین سال ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں درجہ حرارت عالمی اوسط سے زیادہ بڑھ چکا، ماحولیاتی خطرات میں اضافہ ہو رہا ہے، ایل نینو کے باعث شدید موسمی واقعات اور قدرتی آفات کے خطرات بڑھ رہے ہیں، ملک میں بارشوں میں کمی جبکہ موسمی پیٹرن مزید غیر متوازن ہونے کا امکان ہے۔ چیئرمین این ڈی ایم اے نے کہا کہ شمالی علاقوں میں گلیشیئرز کے تیزی سے پگھلنے اور فلیش فلڈنگ کے خطرات بڑھ گئے ہیں، طویل خشک وقفے آبی وسائل اور زرعی شعبے پر اضافی دباؤ ڈالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ اور بلوچستان شدید گرمی کی لپیٹ میں رہیں گے، زیر زمین پانی کی ری چارجنگ کم ہوگی، گلیشیئرز کے پگھلاؤ میں 5.3 فیصد اور بخارات بننے کی شرح میں 3 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب اور زیریں سندھ کی زراعت ماحولیاتی تبدیلیوں سے شدید متاثر ہوسکتی ہے۔ چیئرمین این ڈی ایم اے نے کہا کہ ملک بھر میں 850 ہیٹ ویو مراکز فعال، متاثرہ افراد کو طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں لینڈ سلائیڈنگ اور گلیشیائی جھیل پھٹنے کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات میں آگ لگنے کے 110 واقعات رپورٹ ہوئے، حساس علاقوں کی نشاندہی کر دی گئی ہے، ابتدائی وارننگ سسٹم مزید مضبوط بنائے گئے ہیں، موسمیاتی ڈیٹا صوبوں کو فراہم کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ موسمیات کے 275 جدید سینسرز بہتر نتائج دے رہے ہیں، مزید جدید نظام کی ضرورت ہے۔ چیئرمین این ڈی ایم اے نے کہا کہ ہیٹ ویوز میں 30 سے 32 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے، گلیشیئرز کے تیز پگھلاؤ سے مستقبل میں ڈیموں کیلئے پانی کی دستیابی متاثر ہوسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بارش کے پانی کو ذخیرہ کرنے اور مون سون ہیسٹرز کے قیام پر غور کیا جارہا ہے، خشک سالی سے نمٹنے کیلئے بھی ایکشن پلان تیار کرلیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر صوبے میں 3 سے 4 مون سون ہیسٹرز قائم کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔ سینیٹر شیری رحمن نے کہا کہ بھارت کی جانب سے آبی بہاؤ کا ڈیٹا شیئر نہ کرنا سنگین مسئلہ ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے بتایا کہ سی ڈی اے تین سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹس کے لیے بڈنگ کا عمل 30 جون تک مکمل کرے گا، سیوریج منصوبوں کی لاگت میں 50 فیصد اضافے کے لیے پی سی ون پر نظرثانی مکمل کرلی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبوں کے لیے مختص 6 ارب روپے کی لاگت 2023 سے تاحال برقرار ہے، ورلڈ بینک اور ایشیائی ترقیاتی بینک مشاورتی معاونت کے لیے تیار ہیں، معاملے کی انکوائری کرائی جائے گی۔ شیری رحمن نے کہا کہ سیوریج کا پانی جھیلوں، دریاؤں اور ڈیموں میں شامل ہونا انتہائی تشویشناک صورتحال ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے بتایا کہ اسلام آباد میں روزانہ 990 ٹن کچرا پیدا ہوتا ہے جبکہ تقریباً 500 ٹن ہی اٹھایا جا رہا ہے، ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کو سی ڈی اے سے الگ کر کے آؤٹ سورسنگ ماڈل اپنانے پر کام جاری ہے، متعدد نالوں سے ٹھوس کچرا ہٹا دیا گیا ہے جبکہ تجاوزات کے خلاف کارروائی بھی کی گئی۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ بری امام متاثرین کو معاوضہ اور متبادل پلاٹس فراہم کیے جاچکے ہیں۔ سینیٹر شیری رحمن نے کہا کہ غریب آبادیوں کی بے دخلی سے قبل متبادل رہائش کی فراہمی ریاستی ذمہ داری ہے، آبادی میں اضافے کے باوجود کم آمدنی والے طبقے کیلئے رہائشی منصوبہ بندی ناکافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین سی ڈی اے نچلے طبقے کی ضروریات کے مطابق جامع ماسٹر پلان تیار کریں، آخر کلائمیٹ اتھارٹی کیا کر رہی ہے؟ متعلقہ اتھارٹی کو وزارت کے ماتحت ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ وزارتِ ماحولیاتی تبدیلی مجوزہ ترامیم کمیٹی کے ساتھ شیئر کرے۔

بقیہ 5

ایران اور امریکہ کے درمیان معاہدہ خطے میں امن اور استحکام کی جانب مثبت پیش رفت ہے، پاکستان ہمیشہ خطے میں امن، مذاکرات اور سفارتکاری کا داعی رہا ہے، فیلڈ مارشل عاصم منیر کے مؤثر رابطوں کو عالمی سطح پر سراہا جارہا ہے۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ صدر پاکستان، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت نے قومی سلامتی اور سفارتی محاذ پر پاکستان کا مؤقف مؤثر انداز میں اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے مؤثر رابطوں کو عالمی سطح پر سراہا جا رہا ہے، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے قومی قیادت کے ساتھ مل کر ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی کم کرنے اور مذاکرات کی راہ ہموار کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ شازیہ مری نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ جنگ نہیں بلکہ امن، استحکام اور باہمی احترام کی پالیسی اپنائی، عالمی برادری تنازعات کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری کو اولین ترجیح دے۔ شازیہ مری نے کہا کہ پاکستان کی متوازن اور ذمہ دارخارجہ پالیسی کو عالمی سطح پر پذیرائی مل رہی ہے، بھارتی عصبیت، جنگی جنون اور ہٹ دھرمی جنوبی ایشیا کے امن کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ بھارت کو خطے میں کشیدگی بڑھانے کے بجائے امن اور مذاکرات کی راہ اختیار کرنی چاہیے۔ شازیہ مری نے کہا کہ پاکستان نے ہر مشکل وقت میں ذمہ دار ریاست ہونے کا عملی ثبوت دیا ہے، امن ہی ترقی، خوشحالی اور علاقائی تعاون کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج اور سیاسی قیادت قومی سلامتی کے تحفظ میں یکجہت ہیں، قومی مفادات پر پوری قوم ایک صفحے پر کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی امن، اقتصادی تعاون اور مشترکہ ترقی کے وژن پر یقین رکھتا ہے، سفارتکاری ہی پائیدار امن کا واحد راستہ ہے، طاقت کا استعمال مسائل کا حل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ اقوام متحدہ کے منشور اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کی ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بھارتی جارحیت کے خلاف عالمی سطح پر موثر سفارتکاری کرتے ہوئے پاکستان کے موقف کو دنیا میں منوایا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی خطے میں امن، جمہوریت اور عوامی خوشحالی کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کو نفرت، انتہا پسندی اور جنگی بیانیے کے بجائے مفاہمت اور تعاون کو فروغ دینا ہوگا۔ شازیہ مری نے کہا کہ جنوبی ایشیا کے عوام امن، ترقی اور باہمی احترام کے مستحق ہیں۔

بقیہ 6

میں بھی پیپلز پارٹی واضح اکثریت سے جیتے گی۔ پیپلز پارٹی پاکستان کی واحد عوامی نمائندہ جماعت ہے جو عوام کے دکھ درد کو سمجھتی ہے۔ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوامی فلاح و بہبود کے لئے کام کیا۔ یہ بات اُنہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں اٹک کی تحصیل حضرو سے پیپلز پارٹی میں شمولیت کے لیے کثیر تعداد میں آئے نوجوانوں سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ گورنر پنجاب نے شمولیت اختیار کرنے والے نوجوانوں کو مبارکباد دی اور خوش آمدید کہا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انشااللہ اب ہر طرف تیر ہی چلے گا۔ اُنہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان الیکشن کے بعد اب کشمیر میں بھی پیپلز پارٹی واضح اکثریت حاصل کرے گی۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پیپلز پارٹی پاکستان کی واحد عوامی نمائندہ جماعت ہے جو غریب عوام کے دکھ درد کو سمجھتی ہے اور ان کا مداوا کرنا بھی جانتی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ہم سب نے مل کر گلی گلی، محلہ محلہ جا کر بلاول بھٹو زرداری کا پیغام پہنچانا ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ بلاول بھٹو کو عوامی میینڈیٹ سے وزیراعظم بنانے کے لیے سخت محنت کرنا ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے والے نوجوانوں کو بھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام پیپلز پارٹی پر اعتماد کا اظہار کر رہے ہیں۔ گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی نے اپنے دور حکومت میں ہمیشہ عوام کو ریلیف فراہم کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ اگلے الیکشن میں عوام پیپلز پارٹی کو کامیاب کروائیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اقتدار میں آ کر تنخواہوں میں خاطر خواہ اضافہ اور نوکریوں کے مواقع پیدا کرے گی۔ بعد ازاں، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے سندس فاؤنڈیشن میں ورلڈ ڈینٹیشن ویک کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ مشکل کی گھڑی میں گرے افراد کے چہروں پر مسکراہٹ لانا عظیم کام ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ سندس فاؤنڈیشن ایک قابل اعتماد ادارہ ہے جو کہ تھیلیسیما کے مریضوں کی دن رات خدمت کر رہا ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ سندس فاؤنڈیشن ہیپسز کے قیام پر غور کیا جا رہا ہے، خشک سالی سے نمٹنے کیلئے بھی ایکشن پلان تیار کرلیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر صوبے میں 3 سے 4 مون سون ہیسٹرز قائم کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔ سینیٹر شیری رحمن نے کہا کہ بھارت کی جانب سے آبی بہاؤ کا ڈیٹا شیئر نہ کرنا سنگین مسئلہ ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے بتایا کہ سی ڈی اے تین سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹس کے لیے بڈنگ کا عمل 30 جون تک مکمل کرے گا، سیوریج منصوبوں کی لاگت میں 50 فیصد اضافے کے لیے پی سی ون پر نظرثانی مکمل کرلی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبوں کے لیے مختص 6 ارب روپے کی لاگت 2023 سے تاحال برقرار ہے، ورلڈ بینک اور ایشیائی ترقیاتی بینک مشاورتی معاونت کے لیے تیار ہیں، معاملے کی انکوائری کرائی جائے گی۔ شیری رحمن نے کہا کہ سیوریج کا پانی جھیلوں، دریاؤں اور ڈیموں میں شامل ہونا انتہائی تشویشناک صورتحال ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے بتایا کہ اسلام آباد میں روزانہ 990 ٹن کچرا پیدا ہوتا ہے جبکہ تقریباً 500 ٹن ہی اٹھایا جا رہا ہے، ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کو سی ڈی اے سے الگ کر کے آؤٹ سورسنگ ماڈل اپنانے پر کام جاری ہے، متعدد نالوں سے ٹھوس کچرا ہٹا دیا گیا ہے جبکہ تجاوزات کے خلاف کارروائی بھی کی گئی۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ بری امام متاثرین کو معاوضہ اور متبادل پلاٹس فراہم کیے جاچکے ہیں۔ سینیٹر شیری رحمن نے کہا کہ غریب آبادیوں کی بے دخلی سے قبل متبادل رہائش کی فراہمی ریاستی ذمہ داری ہے، آبادی میں اضافے کے باوجود کم آمدنی والے طبقے کیلئے رہائشی منصوبہ بندی ناکافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین سی ڈی اے نچلے طبقے کی ضروریات کے مطابق جامع ماسٹر پلان تیار کریں، آخر کلائمیٹ اتھارٹی کیا کر رہی ہے؟ متعلقہ اتھارٹی کو وزارت کے ماتحت ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ وزارتِ ماحولیاتی تبدیلی مجوزہ ترامیم کمیٹی کے ساتھ شیئر کرے۔

بقیہ 7

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے گھانا کی مسلح افواج کے چیف آف ڈیفنس اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل ولیم اگیاپونگ نے جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی میں ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق جی ایچ کیو آمد پر معزز مہمان کو پاک فوج، پاک بحریہ اور پاک فضائیہ کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی کی صورتحال اور دفاعی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں جانب سے فوجی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، مشترکہ تربیت، انسدادِ دہشت گردی اور دفاعی پیداوار کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ گھانا کے چیف آف ڈیفنس اسٹاف نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور خطے میں امن و استحکام کے لیے ان کے کردار کو سراہا۔ بعد ازاں جمہوریہ گھانا کے نیشنل سیکیورٹی کوآرڈینیٹر عبدالرزاق عثمان نے نیول ہیڈکوارٹرز میں چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف اور ایئر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں چیف آف دی ایئر اسٹاف ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں میں گھانا کی مسلح افواج کے چیف آف ڈیفنس اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل ولیم اگیاپونگ بھی موجود تھے۔

بقیہ 8

پر گفتگو کی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق مصری وزیر خارجہ نے امریکہ اور ایران کے درمیان مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کے حوالے سے پاکستان کو مبارکباد دی۔ انہوں نے خطے اور اس سے باہر امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے کردار کو سراہا۔ دونوں رہنماؤں نے اس پیش رفت کو عالمی اقتصادی صورتحال کے لیے بھی مثبت قرار دیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے آئندہ دنوں میں مصر کے شہر العلمین میں منعقد ہونے والے علاقائی چار (4 - R) وزرائے خارجہ اجلاس (پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر) کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 9

شہباز شریف اور عسکری قیادت کی سفارتی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان نے بحران کے دوران متوازن اور اصولی کردار ادا کیا، تمام فریق ایم او یو پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں۔ صدر زرداری نے کہا کہ اسلام آباد معاہدہ پائیدار امن کی بنیاد بن سکتا ہے، ہیرو وہ ہیں جنہوں نے جنگ ختم کی، جنگ شروع کرنے والے نہیں، خطے کی قومیں اب ترقی اور خوشحالی پر توجہ دیں۔ قطر، سعودی عرب، ترکی، مصر، چین اور روس کی کوششوں کا اعتراف کرتے ہوئے صدر زرداری نے کہا کہ امن ہی ترقی اور استحکام کی ضمانت ہے، پاکستان خطے کے امن و خوشحالی کے لیے پرعزم ہے، حتمی امن معاہدے کے لیے کوششیں تیز کی جائیں

بقیہ 10

سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی کوششوں نے دونوں ممالک کے درمیان ہونے والی مفاہمت میں اہم کردار ادا کیا۔ دونوں رہنماؤں نے (آج) جمعہ کو سوئٹزرلینڈ کے مقام برگن سٹاک میں امریکہ اور ایران کے درمیان ہونے والے آئندہ مذاکرات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان کے مطابق گفتگو کے دوران پاکستان اور کینیڈا کے تعلقات میں مثبت پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا گیا اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 11

ترکیہ کے سفیر عرفان نذیر اوغلو نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات، مسلم دنیا کو درپیش چیلنجز، بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی و ثقافتی روابط اور باہمی تعاون کے فروغ سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں ترکیہ کے مذہبی امور کے اتاشی ڈاکٹر عبدالرحمن اکوش، ٹیکا پاکستان کی کنٹری ہیڈ صالحہ تونا اور ترک ہلال احمر (ترک قزلائے) کی نمائندہ بھی موجود تھیں۔ اس موقع پر وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے پاکستان اور ترکیہ کے تاریخی، مذہبی اور ثقافتی تعلقات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے عوام مذہب، مشترکہ تہذیبی ورثے اور صوفیائے کرام کی تعلیمات کے ذریعے مضبوط رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات محض سفارتی نوعیت کے نہیں بلکہ دونوں قومیں ایک دوسرے کے دکھ سکھ کی حقیقی شریک ہیں۔ وفاقی وزیر نے مشرق وسطیٰ میں امن کے قیام اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لئے ترک صدر کی کوششوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے اس حوالے سے وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے کردار اور پاکستان کی امن پسند پالیسی سے بھی ترک سفیر کو آگاہ کیا۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ موجودہ عالمی حالات میں سیرت النبی ﷺ کی تعلیمات کو عام کرنے کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ نوجوان نسل کو اسلامی تعلیمات، رواداری، اعتدال اور اخلاقی اقدار سے جوڑنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ ایک پرامن اور متوازن معاشرے کی تشکیل ممکن ہوسکے۔ ترک سفیر عرفان نذیر اوغلو نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو دونوں ممالک کا قیمتی اثاثہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ترکیہ کی حکومت پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کو پوری امت مسلمہ کی مضبوطی تصور کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترکیہ مختلف شعبوں میں پاکستان کے ساتھ تعاون جاری رکھے ہوئے ہے اور اب تک ملک بھر میں 700 سے زائد فلاحی و ترقیاتی منصوبے مکمل کئے جاچکے ہیں۔ ترک سفیر نے مشرق وسطیٰ میں امن و استحکام کے لئے پاکستان کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسلم دنیا کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے باہمی تعاون اور اتحاد ناگزیر ہے۔ ملاقات میں موجود ترک وفد کے اراکین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ترکیہ ہمیشہ پاکستانی عوام کے ساتھ کھڑا رہا ہے اور مشکل کی ہر گھڑی میں ان کی مدد کو اپنا فرض سمجھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی خواہش ہے کہ پاکستان اور ترکیہ باہمی تعاون، دوستی اور شراکت داری کے ذریعے ترقی اور خوشحالی کی نئی منازل طے کریں اور حکومتی وعوامی سطح پر تعلقات کو مزید مستحکم بنایا جائے۔

بقیہ 12

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق ملاقات کے دوران ڈاکٹر ڈین اسٹوئینیسکو نے اسلام آباد میمورنڈم آف انڈرسٹینڈنگ پر دستخط کے موقع پر سپیکر سردار ایاز صادق کو مبارکباد پیش کی اور امریکہ اور اسلامی جمہوریہ ایران کے درمیان مفاہمت کے لئے پاکستان کے کلیدی اور تعمیری کردار کو سراہا۔ رومانیہ کے سفیر نے پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت کی مشترکہ کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی مربوط اور دوراندیش سفارتکاری کے باعث اسلام آباد ایم او یو پر دستخط ممکن ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ ایک اہم سفارتی پیشرفت ہے جس کے نتیجے میں کشیدگی میں کمی اور امن کے لئے نئی راہیں ہموار ہوئی ہیں۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ اسلام آباد ایم او یو کا کامیاب انعقاد پاکستان کے امن، مکالمے اور سفارتی روابط کے فروغ کے غیر متزلزل عزم کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی انتھک کوششوں کا نتیجہ ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے اسلام آباد ایم او یو کو ایک اہم سفارتی پیشرفت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس معاہدے نے خطے میں کشیدگی میں کمی، امن کی کوششوں کے فروغ اور بین الاقوامی تعلقات میں استحکام کو تقویت دی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ معاہدہ عالمی تنازعات کے حل اور سفارتکاری میں پاکستان کے ایک معتبر، ذمہ دار اور قابلِ اعتماد شراکت دار کے طور پر بڑھتے ہوئے کردار کی عکاسی کرتا ہے۔ ڈاکٹر ڈین اسٹوئینیسکو نے پاکستان کے امن، مکالمے اور بین الاقوامی تعاون کے فروغ میں مسلسل اور تعمیری کردار کو سراہا۔ انہوں نے عالمی برادری میں پاکستان کی بڑھتی ہوئی ساکھ کو تسلیم کرتے ہوئے علاقائی و عالمی استحکام کے لئے اس کی کاوشوں کو خوش آئند قرار دیا۔ دونوں فریقین نے پاکستان اور رومانیہ کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے مختلف امکانات پر تبادلہ خیال کیا خصوصاً سیاسی، معاشی، ثقافتی، تعلیمی اور پارلیمانی تعاون کے شعبوں میں۔ انہوں نے دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے اور دیرینہ دوستانہ روابط کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ملاقات کے اختتام پر رومانیہ کے سفیر ڈاکٹر ڈین اسٹوئینیسکو نے سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کو پاکستان کے قومی ترانے کی اردو اور رومانی زبان میں طباعت شدہ کاپی اور اس کی کورل ترتیب بطور تحفہ پیش کی۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے اس اقدام کو ثقافتی ہم آہنگی، باہمی احترام اور پاکستان و رومانیہ کے درمیان گہرے روابط کے فروغ کی خوبصورت مثال قرار دیا۔

بقیہ 13

ٹیلیفون کال موصول ہوئی، جو 30 منٹ سے زائد جاری رہی اور دونوں رہنماؤں کے درمیان اسلام آباد امن معاہدے پر دستخط کے بعد یہ پہلا رابطہ ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے صدر مسعود پزشکیان، ایرانی قیادت اور ایران کے برادر عوام کو تاریخی امن معاہدے پر دستخط کی مبارک باد پیش کی اور کہا کہ یہ تاریخی معاہدہ نہ صرف خطے میں امن کے قیام میں مددگار ثابت ہوگا بلکہ ایرانی قوم کی تعمیر نو اور پاکستان و ایران کے درمیان باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا باعث بھی بنے گا۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ وزیراعظم نے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای کے لیے بھی اپنے پرتپ

غلنئی میں مہنگائی اور پٹرولیم قیمتوں کے خلاف جماعت اسلامی کا احتجاج

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری کمی کا مطالبہ

ضلع مہمند ہیڈ کوارٹر غلنئی میں امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی اپیل پر جماعت اسلامی ضلع مہمند کے زیر اہتمام غلنئی بازار میں مہنگائی اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے جماعت اسلامی ضلع مہمند کے امیر ملک محمد سعید خان، ملک فردوس خان اور اسد خان نے کہا کہ حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اور بے تحاشہ اضافہ کرکے غریب عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کے باعث اشیائے ضروریہ، ٹرانسپورٹ اور روزمرہ استعمال کی دیگر اشیا کی قیمتیں بھی بڑھ رہی ہیں، جس سے مہنگائی کا نیا طوفان برپا ہوگیا ہے۔مقررین نے کہا کہ موجودہ معاشی حالات میں عوام پہلے ہی شدید مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ان پر مزید بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے۔انہوں نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری کمی کی جائے اور عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جائے۔

مرکزی مسلم لیگ راولپنڈی کا اہم تنظیمی اجلاس منعقد

ہر یونین کونسل میں 25 رکنی فعال ٹیم تشکیل دی جائے گی

راولپنڈی:مرکزی مسلم لیگ راولپنڈی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ضلعی باڈی، پی پی جنرل سیکرٹریز اور منتخب یوسی صدور کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت صدر شالی زون احسان اللہ منصور نے کی۔ اجلاس میں صدر مرکزی مسلم لیگ راولپنڈی شہباز راجپوت، جنرل سیکرٹری انجینئر مبین صدیقی اور ذمہ دار شعبہ سیاسی امور فہیم بٹ سمیت دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔اجلاس میں تنظیمی استحکام، یونین کونسل سطح پر دفاتر کے قیام اور عوامی رابطہ مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔فیصلہ کیا گیا کہ ہر یونین کونسل میں باقاعدہ دفتر قائم کیا جائے گا جبکہ تمام یونین کونسلز میں سے ایک یونین کونسل کو ماڈل یونین کونسل کے طور پر تیار کیا جائے گا۔اجلاس میں طے پایا کہ ہر یونین کونسل میں 25 افراد پر مشتمل فعال ٹیم تشکیل دی جائے گی جبکہ 5 رکنی وفد تنظیمی سرگرمیوں کی نگرانی اور رابطہ کاری کو یقینی بنائے گا۔مزید برآں ہر یونین کونسل کیلئے ایک میڈیا نمائندہ مقرر کیا جائے گا جو مقامی سرگرمیوں اور عوامی مسائل کو بروقت ضلعی سطح تک پہنچائے گا۔

سٹروک انیشیٹو کا آغاز ہوگا، میانوالی میں مریم نواز شریف میڈیکل کالج کیلئے ایک ارب، سیکنڈری ہسپتالوں میں لیبارٹری ٹیسٹ کی سہولیات بہتر بنانے کے لئے 53 کروڑ، ڈیرہ غازی خان میں کلثوم نواز کینسر ہسپتال کیلئے 50 کروڑ مختص کیے گئے ہیں۔پنجاب بھر کے 29 ٹیچنگ ہسپتالوں میں جدید ترین ایم آر آئی مشینیں نصب کی جائیں گی جبکہ نیورو کیتھ لیبز کا منفرد منصوبہ بھی متعارف کرایا جارہا ہے۔

وزیر خزانہ کے مطابق بنیادی سہولیات کی فراہمی میں بہتری کیلئے جہاں صحت کیلئے بجٹ کا 10 فیصد سے زائد حصہ مختص کیا جانا تجویز کیا منصوبہ بنایا گیا ہے۔انوویٹ پنجاب پروگرام کے تحت 1200 "سٹارٹ اپس" کی معاونت کی جائے گی جبکہ ٹیکنالوجی پروگراموں میں کم از کم 40 فیصد خواتین کی شرکت یقینی بنائی جائے گی۔بین الاقوامی آئی ٹی سرٹیفکیشنز کے ذریعے نوجوانوں کو عالمی معیار کی مہارتیں فراہم کی جائیں گی، مجموعی طور پر نوجوانوں کے لئے کم وبیش 100 ارب روپے تجویز کیے گئے ہیں۔

بجٹ دستاویزات کے مطابق آئندہ مالی سال کے بجٹ میں ٹرانسپورٹ کے شعبے کیلئے 78 ارب 50 کروڑ، پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کیلئے 25 ارب 35 کروڑ، بورڈ آف ریونیو اور بزرگ شہریوں کی فلاح کیلئے عافیت اولڈ ایج ہومز کے قیام کی سفارش کی گئی ہے۔رواں مالی سال وفاق کے مالی معاملات کو سنبھالا دینے کیلئے قومی مالیاتی ایوارڈ کے تحت ملنے والی رقوم میں کمی کی گئی، پنجاب نے بھی اپنے حصے کے سینکڑوں ارب روپے وفاق کو واپس کیے جس سے اُس کے ترقیاتی بجٹ میں لگ بھگ 40 فیصد کی کمی کرنا پڑی تاہم اِس کے باجود پنجاب حکومت نے آئندہ مالی سال کا ٹیکس فری اور متوازن بجٹ پیش کیا۔تعلیم اور صحت کے علاوہ اَمن وامان سمیت صوبے کی بنیادی ذمہ داریوں پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔زراعت، لائیو سٹاک، ماحولیاتی تبدیلیوں اور نوجوانوں کی تربیت کے سے متعلق درجنوں ترقیاتی پروگرام تجویز کیے گئے ہیں جن پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے تو صوبے کا منظر تبدیل ہوسکتا ہے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر وایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

پارلیمنٹ کی مضبوطی کا خواب

محمد سعید ارائیں

قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور پختونخوا ملی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے قومی اسمبلی میں بجٹ اجلاس سے خطاب میں کہا کہ پارلیمنٹ کو مضبوط کریں اور حکومت اپنی غلطیوں کی اصلاح کرے۔"میں وزیر اعظم سے کہتا ہوں کہ آئیں بیٹھیں اور معاملات کو آگے بڑھائیں، ایک معاہدہ کریں تاکہ سیاسی جماعتیں ایک دوسرے کی ٹانگیں نہ کھینچیں، اسی میں ملک کا فائدہ ہے۔" محمود اچکزئی نے جس بجٹ اجلاس میں یہ مشورے دیے، اس اجلاس میں اپوزیشن نے ہنگامہ آرائی بھی کی جس کی وجہ سے حکومت اور اپوزیشن کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ بھی ہوا۔

کئی ماہ بعد وزیر اعظم قومی اسمبلی میں تشریف لائے اور اپنے خطاب میں کہا کہ حکومت تو اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات پر تیار ہے اور سیاسی قوتوں کے درمیان نئے قومی معاہدے کی ضرورت ہے۔بجٹ اجلاس بہت اہم اور سال میں ایک بار ہوتا ہے، ارکان قومی اسمبلی کی کل تعداد ساڑھے تین سو کے قریب ہے جن کی قومی ذمے داری کا یہ حال ہے کہ تقریباً تین سو ارکان نے بجٹ اجلاس میں آنا گوارا نہیں کیا۔

حالانکہ سب کو پتا تھا کہ بجٹ اجلاس میں وزیر اعظم بھی ضرور آئیں گے اور انھیں ان سے ایوان میں ملنے کا موقعہ مل جائے گا ۔ وزیر اعظم ملکی مصروفیات کے باعث قومی اسمبلی اجلاس میں مہینوں بعد آتے ہیں کیونکہ انھیں ملکی معاملات کے ساتھ ساتھ غیر ملکی معاملات بھی دیکھنے ہوتے ہیں، وہ بہت سے معاملات طے کرنے کے لیے غیر ملکی دوروں پر رہتے ہیں، اس لیے وہ اس ایوان میں کم ہی آتے ہیں۔

ارکان اسمبلی کو ہر وزیر اعظم سے یہ شکایت رہتی ہے کہ وہ اسمبلی میں بہت کم آتے ہیں، ان کی یہ شکایت بجا ہے مگر انھیں وزیر اعظم کی مصروفیات کا بھی خیال رکھنا چاہیے کہ انھیں پورے ملک کے اندرونی اور بیرونی معاملات طے کرنا ہوتے ہیں، اگر وہ ہر اسمبلی اجلاس میں گھنٹوں شرکت کرنے لگیں تو پھر دیگر ملکی معاملات کون چلائے گا۔ارکان اسمبلی کو سابق وزیر اعظم نواز شریف سے بھی یہ شکایت رہتی تھی کہ وہ اسمبلی اجلاس میں، بہت کم آتے ہیں۔میاں نواز شریف جب اپنے اقتدار میں ایک سال تک سینیٹ اجلاس میں شریک نہیں ہوئے تھے تو پی پی سینیٹر اعتزاز احسن نے وزیر اعظم کے نہ آنے پر طنزیہ بیان دیا تھا۔

پارلیمنٹ کے اجلاسوں میں شرکت کا ریکارڈ صرف وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر اعظم میر ظفر اللہ جمالی اور وزیر اعظم محمد خان جونیجو کا بہت اچھا اور باقی کا اس کے برعکس رہا ہے کہ وہ جس ایوان کے ذریعے منتخب ہوتے ہیں اور بعد میں اسی کے اجلاسوں میں کم آتے ہیں بلکہ قومی اسمبلی آنے سے ان کے وزرا بھی کتراتے ہیں۔ظاہر ہے کہ قومی اسمبلی کے ذریعے منتخب ہونے والا وزیر اعظم ہی اجلاسوں میں نہیں آئیں گے تو ان کے وزیروں کو کیا پڑی کہ قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اجلاسوں میں شرکت کریں اور ارکان کے سوالات کا جواب دیں۔

پارلیمنٹ کا یہ حال ہے کہ وزرا سوالات کا جواب دینے کی ذمے داری پارلیمانی سیکریٹریوں اور اعلیٰ افسروں پر ڈال دیتے ہیں اور وہ بھی ایوان میں نہیں آتے۔آئین کے مطابق جو قائمہ کمیٹیاں بنتی ہیں اور وزیروں کو طلب کرتی ہیں تو متعلقہ وزیر وہاں بھی جانا گوارا نہیں کرتے جب وہ پارلیمان کے اجلاسوں میں نہیں جاتے تو وہ چیئرمین قائمہ کمیٹی کی طلبی پر وہاں کیوں جائیں۔ایسے اجلاسوں میں تو بلانے پر متعلقہ افسران بھی جانا پسند نہیں کرتے جس پر قائمہ کمیٹیوں میں ان کی غیر حاضری پر اظہار برہمی ہوتا رہتا ہے۔

ہر حکومت میں سینیٹ، قومی وصوبائی اسمبلیوں میں بھی ارکان کی عدم دلچسپی کا یہی حال رہا ہے جہاں ارکان کی تاخیر کی وجہ سے کبھی اجلاس وقت پر شروع نہیں ہوتا اور معمولی کورم پر اگر شروع ہو بھی جائے تو ارکان اپنی حاضری لگا کر مراعات کے حقدار بن جاتے ہیں اور جاری اجلاس سے اٹھ کر چلے جاتے ہیں اور کورم ٹوٹ جاتا ہے مگر حیرت تو یہ ہے کہ کورم کے لیے ارکان کی تعداد چوتھائی بھی مقرر نہیں اور کورم ٹوٹنے پر بھی اجلاس اس وقت تک جاری رکھا جاتا ہے جب کہ کوئی اس کی نشان دہی نہ کردے اور بعض دفعہ نشان دہی پر بھی برہمی کا اظہار کیا جاتا ہے۔

کامیابی کا فارمولا

کامیابی کا فارمولا اللہ کے نظام میں پوشیدہ ہے ۔ جسے جاننے اور سمجھنے کے لئے اللہ کا پیغام سمجھنا لازمی امر ہے ۔جس میں دنیا اور آخرت دونوں میں کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔اللہ کے نظام کی باریک بینی سے احاطہ اور ادراک کے لئے تلاش کا جزبہ چاہیئے ۔نماز پڑھنے اور نماز قائم کرنے میں بڑی باریکی ہے۔نماز برائی سے روکتی ہے۔ایک شخص پانچ وقت کی نماز پڑھتا ہے۔اسکے باوجود رشوت لے رہا ہے۔جھوٹ بول رہا ہے۔کاروبار میں وقتی فائدے کے لئے غلط بیانی کر رہا ہے۔ اپنا کاروباری ہدف حاصل کرنے کے لئے خامیوں، نقصان کے خدشات پر پردہ ڈال کر صرف اسکی خوبیاں اور فائدے کا رخ بتا تا ہے۔ایسا شخص نماز پڑھ رہا ہے۔قرآن میں بار بار نماز قائم کرنے کی بات کی گئی ہے۔اگر نماز پڑھنے کے ساتھ ساتھ وہ رشوت نہیں لیتا۔کسی کی حق تلفی نہیں کرتا۔محنت اور ایمانداری سے کاروبار کرتا ہے۔جھوٹ نہیں بولتا۔سمجھ لیں کہ اسکی نماز قائم ہورہی ہے۔بصورت دیگر وہ نماز پڑھ تو رہا ہے لیکن اسکی نماز قائم نہیں ہورہی۔قرآن میں اللہ تعالی نے کامیابی کا فارمولا ایک آیت مبارکہ میں واضح کردیا ہے۔اس آیت مبارکہ کو تین حصوں میں بیان کیا گیا ہے۔جس کا ترجمہ اور مفہوم کچھ اس طرح ہے۔آیت مبارکہ کے پہلے حصے میں اللہ تعالی فرماتے ہیں ""اے انسان تو کیا چاہتا ہے " ""اس حصے میں مکمل انصاف کی پاسداری نظر آتی ہے۔اللہ نے یہ نہیں کہا کہ اے مسلمان، اے ہندو، اے سکھ، اے عیسائی، اے عورت، اے مرد، اے امیر، اے غریب تو کیا چاہتا ہے۔نہ اس میں کسی خاندان کا ذکر ہے نہ فرقے کا، نہ امیری غریبی کا۔اسکا مطلب ہے اللہ کا نظام تمام عالم انسانی کے لئے ایک ہی ہے۔اس آیت مبارکہ میں قوت فیصلہ کو کامیابی کی بنیاد بنایا گیا ہے ۔آیت مبارکہ کے دوسرے حصے میں کہا گیا ہے " "میں دوں گا " "اس دوسرے حصے اللہ رب العزت خالق مالک رازق فرمارہے ہیں ۔جو انسان فیصلہ کرے میں اسے دوں گا۔یعنی ایمان کی بات کی گئی ہے کہ اللہ کے علاوہ کسی کو کوئی کچھ نہیں دے سکتا۔یعنی ایمان ہو کہ صرف اللہ ہی دے سکتا ہے۔آیت مبارکہ کے تیسرے حصے میں شرط عائد کی گئی ہے کہ " " تو اسکے لیے کوشش کر " "اس اللہ تعالی کیطرف سے کامیابی کے فارمولے کو آسان طریقے اور الفاظ میں سمجھا جائے تو یوں ہوگا۔قوت فیصلہ، ایمان اور کوشش۔ میں نے اپنی ذاتی زندگی میں عملی طور پر اس کامیابی کے فارمولے کو سو فیصد درست پایا۔ایک دوسرے زاویے سے دیکھا جائے تو انسان اپنی زندگی میں ہمیشہ بہتر سے بہتر اور ترقی اور مقام کے لئے لگا رہتا ہے۔ایک مزدور سے مالک فیکٹری تک اور ایک چپڑاسی سے لے کر وزیر اعظم تک ہر انسان دنیاوی کامیابی کے لیے سوچتا اور جدو جہد کرتا رہتا ہے۔لیکن اللہ کا ایک پیغام قرآن کیصورت میں ہماری طرف آیا اسکو سمجھنے کے لئے کوشش نہیں کرتا۔ فرض کرلیا جائے ایک سپارہ ایک گھنٹے میں پڑھ لیا جائے ۔تو ترجمہ کے ساتھ وہی ایک سپارہ دو گھنٹے میں پڑھا جا سکتا ہے۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ ترجمہ سے قرآن کریم 60 گھنٹے میں پڑھا جا سکتا ہے۔لیکن ہمارے پاس زندگی میں وہ 60 گھنٹے نہیں ہیں۔کیونکہ ہم بہت مصروف ہیں۔اسی کو مزید تقسیم کیا جائے تو ایک دن میں چوبیس گھنٹے میں سے روزانہ 15 منٹ قرآن مجید کو ترجمہ سے پڑھا اور سمجھا جائے تو 240 دن میں قرآن مجید ترجمہ کے ساتھ مکمل ہو جائے گا۔لیکن ہمارے پاس ایک دن میں وہ 15 منٹ نہیں۔کیونکہ ہم بہت مصروف ہیں۔ دنیا میں کامیابی اور ترقی کے اہداف حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ اللہ کے نظام سے روشنی لی جائے۔تو دنیا اور آخرت کی کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔اللہ کے نظام سے روشنی حاصل کرنے کے بہت سی نشانیاں ہیں۔لیکن ہم فکر و عمل نہیں کرتے۔فکر و عمل کے حوالے سے ایک اور بات سمجھنا ضروری ہے۔جب کسی چیز کی فکر کی جائے اور اس پر عمل کیا جائے تو اسکا وجود پیدا ہو جاتا ہے۔اللہ کے نظام سے روشنی لینے کی روزمرہ زندگی کی کچھ مثالیں آپکے کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ جیسے جب سے دنیا بنی ہے سورج روز مشرق سے نکلتا ہے اور مغرب میں غروب ہوجاتا ہے۔یہ اللہ کے نظام کا خاموش پیغام ہے جو انسان کو سمجھانا چاہتا ہے کہ اللہ کے نظام میں مستقل مزاجی ہے۔جو انسان مستقبل مزاجی کو اپنی ذات کا حصہ بنالے تو کامیابی کا سفر شروع ہو جاتا ہے۔دوسرا نماز میں بھی اللہ کے نظام کا خاص پیغام پوشیدہ ہے۔ دنیا کے مختلف ممالک میں دفاتر ، کاروباری مراکز، نجی اور سرکاری ملازمتوں میں اتوار کی چھٹی ہوتی ہے۔بعض جگہ ہفتہ اتوار کی چھٹی ہوتی ہے۔ہم تصور کر لیتے ہیں اتوار کی چھٹی ہوتی ہے۔کیا اللہ تعالی کہتے ہیں کہ اتوار کی چھٹی ہے فجر کی نماز پڑھنے کی بجائے لمبی تان کر سوجاو۔ایسا نہیں ہے نماز کسی روز میں نہ معاف ہے نہ چھٹی ہے۔اس سے روشنی یہ ملتی ہے کہ اللہ انسان کو متحرک رکھنا چاہتا ہے۔ اللہ کے نظام سے متحرک رہنے کی روشنی انسان اپنی ذات کا حصہ بنالے تو وہ مستقبل مزاجی کیساتھ متحرک بھی رہتا ہے۔اس کے علاوہ بھی بے شمار نشانیاں ہیں۔جسے کسی اور کالم میں قارئین کی خدمت میں پیش کروں گا۔آخر میں اتنا ہی کہنا بہت سمجھتا ہوں کہ اللہ کے نظام میں کامیابی کا فارمولا موجود ہے۔جس سے روشنی لے کر اپنی ذات کا حصہ بنالیا جائے تو دنیا اور آخرت کی کامیابی یقینی ہے۔ انسان اللہ کے نظام سے لی گئی روشنی کو اپنی ذات کا حصہ بنالے اور اللہ کے سامنے جوابدہی کو اپنے اوپر لاگو کرلے تو ناکامی کا دور دور تک سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔اللہ تعالی ہم سب کا حامی و ناصر ہو آمین

"السلام علیکم ! میں ہوں ڈاکٹر عروج حنا

"السلام علیکم ! میں ہوں ڈاکٹر عروج حنا۔ برطانیہ سے کوالیفائیڈ (MRCOG UK) اور گائنی، فرٹیلیٹی اور IIVF اسپیشلسٹ۔پچھلے کئی سالوں سے میرا ایک ہی مقصد ہے آپ کی صحت، آپ کی خوشی""! بہارہ کہو اسلام آباد میں واقع 'حنا زکلینک 'میں ہم آپ کو دے رہے ہیں عالمی معیار کا علاج، جہاں ماں اور بچے کی صحت کا خاص خیال رکھا جاتا ہے۔""اور اب ایک اور بڑی خوشخبری ! آپ کی سہولت کے لیے، میں اب 'فاروق ہاسپٹل، بحریہ انکلیو اسلام آباد 'میں بھی اپنی کنسلٹیشن سروسز فراہم کر رہی ہوں۔یعنی اب بہترین گائنی اور فرٹیلیٹی کیئر آپ کے اور بھی قریب""! یہی نہیں ! ہماری طرف سے ایک خاص تحفہ۔حنا زکلینک پر آپ سب کے لیے 'فری ڈینٹل چیک اپ ' (Free Dental Check-up) بھی دستیاب ہے۔کیونکہ آپ کی مسکراہٹ ہمارے لیے انمول ہے۔""تو دیر کس بات کی؟ اسکرین پر دیے گئے نمبر پر ابھی رابطہ کریں اور اپنی اپائنٹمنٹ بک کروائیں۔صحت مند زندگی کی طرف بڑھائیں اپنا پہلا قدم، میرے ساتھ 03322066807 "!

محنت: کامیابی کی کنجی

تحریر: تہمینہ سحر سومرو

محنت انسان کی زندگی کا سب سے قیمتی سرمایہ ہے۔دنیا میں جتنے بھی عظیم لوگ گزرے ہیں، ان کی کامیابی کے پیچھے محنت، لگن اور مستقل مزاجی کا ہاتھ رہا ہے۔کوئی بھی انسان بغیر محنت کے ترقی کی منزل حاصل نہیں کرسکتا۔محنت انسان کو نہ صرف کامیابی دلاتی ہے بلکہ اس کی شخصیت کو بھی نکھارتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ ہر مذہب، ہر معاشرے اور ہر دور میں محنت کی اہمیت پر زور دیا گیا ہے۔انسان جب دنیا میں آتا ہے تو وہ کچھ نہیں جانتا۔وہ اپنی محنت اور کوشش سے علم حاصل کرتا ہے، ہنر سیکھتا ہے اور اپنی زندگی کو بہتر بناتا ہے۔ایک طالب علم اگر محنت سے تعلیم حاصل کرے تو وہ ڈاکٹر، انجینئر، استاد یا سائنسدان بن سکتا ہے۔اسی طرح ایک کسان اپنی محنت سے زمین کو سرسبز بناتا ہے اور لوگوں کے لیے خوراک پیدا کرتا ہے۔مزدور اپنی محنت سے عمارتیں تعمیر کرتا ہے اور معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔محنت کے بغیر کامیابی کا تصور ممکن نہیں۔اگر کوئی شخص زندگی میں کامیاب ہونا چاہتا ہے تو اسے محنت کو اپنا شعار بنانا ہوگا۔اکثر لوگ کامیاب افراد کو دیکھ کر ان کی قسمت کو سراہتے ہیں، لیکن وہ یہ نہیں دیکھتے کہ ان لوگوں نے کامیابی حاصل کرنے کے لیے کتنی محنت کی ہوتی ہے۔ہر کامیاب انسان کے پیچھے برسوں کی جدوجہد اور مسلسل کوشش شامل ہوتی ہے۔طالب علموں کی زندگی میں محنت کی اہمیت سب سے زیادہ ہوتی ہے۔تعلیم حاصل کرنا ایک مسلسل عمل ہے جس میں صبر، محنت اور توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔جو طالب علم روزانہ باقاعدگی سے پڑھائی کرتے ہیں، وقت کی پابندی کرتے ہیں اور اپنے اساتذہ کی رہنمائی پر عمل کرتے ہیں، وہ امتحانات میں اچھے نتائج حاصل کرتے ہیں۔اس کے برعکس جو طلبہ سستی اور کاہلی کا شکار ہوتے ہیں، وہ اکثر ناکامی کا سامنا کرتے ہیں۔محنت انسان کو خود اعتمادی عطا کرتی ہے۔جب کوئی شخص اپنی محنت سے کوئی کامیابی حاصل کرتا ہے تو اسے اپنے اوپر فخر محسوس ہوتا ہے۔اس کی خود اعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے اور وہ مزید بڑے مقاصد حاصل کرنے کے لیے تیار ہو جاتا ہے۔محنت انسان کے اندر مثبت سوچ پیدا کرتی ہے اور اسے مشکلات کا مقابلہ کرنے کا حوصلہ دیتی ہے۔تاریخ میں بے شمار مثالیں موجود ہیں جو محنت کی اہمیت کو واضح کرتی ہیں۔بہت سے عظیم سائنسدانوں، ادیبوں اور رہنماں نے اپنی زندگی میں بے شمار مشکلات کا سامنا کیا، لیکن محنت اور ثابت قدمی کے ذریعے کامیابی حاصل کی۔ان کی زندگیوں سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ مشکلات سے گھبرانے کے بجائے ان کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہیے۔محنت صرف انفرادی ترقی کے لیے ہی ضروری نہیں بلکہ قومی ترقی کے لیے بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ جو قومیں محنت، دیانت داری اور نظم وضبط کو اپناتی ہیں وہ دنیا میں ترقی کرتی ہیں۔جاپان، جرمنی اور دیگر ترقی یافتہ ممالک کی کامیابی کے پیچھے ان کے عوام کی محنت اور لگن شامل ہے۔اگر ہم بھی اپنے ملک کو ترقی یافتہ بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں محنت کو اپنی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا۔محنت کے ساتھ صبر اور مستقل مزاجی بھی ضروری ہیں۔بعض اوقات انسان کو اپنی محنت کا نتیجہ فوری طور پر نہیں ملتا، لیکن اسے مایوس نہیں ہونا چاہیے۔مسلسل کوشش اور محنت آخر کار کامیابی کی منزل تک پہنچا دیتی ہے۔جو لوگ ناکامی سے سبق سیکھتے ہیں اور دوبارہ محنت کرتے ہیں، وہی حقیقی کامیابی حاصل کرتے ہیں۔آج کے جدید دور میں مقابلہ بہت بڑھ چکا ہے۔ہر شعبے میں کامیابی کے لیے محنت کی ضرورت پہلے سے زیادہ ہے۔جو لوگ وقت کی قدر کرتے ہیں اور اپنے کام کو پوری لگن سے انجام دیتے ہیں، وہ دوسروں سے آگے نکل جاتے ہیں۔اس لیے ہمیں اپنا وقت ضائع کرنے کے بجائے اسے مثبت کاموں میں صرف کرنا چاہیے۔آخر میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ محنت کامیابی، عزت اور خوشحالی کا راستہ ہے۔محنت کرنے والا شخص کبھی ناکام نہیں ہوتا کیونکہ وہ ہر ناکامی سے کچھ نہ کچھ سیکھتا ہے۔ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی زندگی میں محنت، دیانت داری اور مستقل مزاجی کو اپنائیں تاکہ ہم ایک کامیاب فرد اور مفید شہری بن سکیں۔محنت ہی وہ طاقت ہے جو انسان کو بلندیوں تک پہنچاتی ہے اور اسے زندگی میں کامیاب بناتی ہے۔

مولانا چراغ رحمہ مولانا مودودی کے بارے میں لکھتے ہیں....



ترتیب وتحریر۔۔۔۔۔
سردار احمد تبسم گڈانی۔۔۔۔۔

دین اسلام کی عظمت اور خدمات کو حضرت مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی رحم اللہ علیہ نے بیان کیئے ہیں اور جو انہوں خدمت کی وہ ساری جانتی ہے آج بھی مولانا مودودی رحم اللہ علیہ کی لٹریچر پڑھ کر غیر مسلم جوک در جوک اسلام میں داخل ہورہے ہیں الحمدللہ یہ کوئی معمولی اعزاز ہے نہیں بہت بڑی اعزاز ہے اور بڑی خدمت دین ہے ،مفسر قرآن مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی رحم اللہ علیہ عالم اسلام کے بڑے اور عظیم انسان گزر چکے ہیں بلکہ اپنی لٹریچر میں اور اپنے کردار واقدار میں زندہ ہیں، ان کے بارے ایک بہت بڑے فاضل دیوبند عالم دین استاد العلما حضرت مولانا محمد چراغ رحمہ اللہ ایک بہت خوبصورت پیراگراف لکھا تھا وہ آج آپ کے خدمت میں حاضر ہے ۔ بزرگ لکھتے ہیں کہ ۔میرے نزدیک مولانا مودودی کی مخالفت کی کوئی دینی بنیاد نہیں مولانا حنفی فقہ کے مقلد تھے مگر حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کی طرح فقہی پابندیوں کے تختی سے قائل نہ تھے۔ وہ کبھی کبھی آزاد رائے کا اظہار کرتے تھے اور اس کے لئے ان کے پاس ٹھوس دلائل تھے۔انہوں نے ضد یا ہٹ دھرمی کو کبھی اختیار نہیں کیا۔خود میں نے کتنے ہی معاملات میں ان سے اختلاف کیا اور جب دلیل دی تو نہ صرف انہوں نے اس سے اتفاق کیا، بلکہ اس رائے سے رجوع بھی کرلیا، مگر یہ نہایت افسوس ناک امر ہے کہ بعض علمائے محض ذاتی اور سیاسی وجوہ کی بنا پر ان کے خلاف اندھی مخالفت اور سب وشتم کا طوفان اٹھایا، لیکن اسے دینی رنگ دے دیا۔خود میں نے ایسے علما کی غلط بیانیوں کی چالیس ایسی مثالیں تلاش کی ہیں جن میں انہوں نے مولانا کے خلاف الزام تراشی کرتے ہوئے صریحا کذب اور جھوٹ سے کام لیا ہے۔) کتاب: تحریک اسلامی کے نو عظیم شخصیات (یعنی جو دیوبند حضرات نے بیگناہ اور جھوٹے پروپیگنڈوں کے ذریعے سے مولانا مودودی رحم اللہ علیہ کو ہٹانے کی بھرپور کوشش کی اور اب تک کر رہے ہیں ان کی اس چال کو خود ان کے ہی ایک عظیم شخصیت بڑے عالم حضرت نے مسترد کردیئے۔مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی رحمہ اللہ کے چند منتخب اقوال درج ذیل ہیں:"انسان کی اصل کامیابی یہ نہیں ہے کہ وہ دنیا میں کیا کچھ حاصل کرتا ہے، بلکہ یہ ہے کہ وہ اللہ کے نزدیک کیا مقام رکھتا ہے۔""اسلام صرف عقائد کا نام نہیں، بلکہ یہ ایک مکمل نظامِ زندگی ہے جو انسان کے ہر معاملے میں اللہ کی مرضی کو مقدم رکھتا ہے۔""مومن وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں، اور جس کا کردار خود اسلام کی بہترین تبلیغ ہو۔""حق کی راہ میں قدم رکھنے والوں کو مشکلات کا سامنا تو کرنا پڑتا ہے، مگر یہی وہ راستہ ہے جو سیدھا اللہ کی رضا کی طرف جاتا ہے۔""نظام کائنات میں کوئی چیز بے مقصد نہیں، انسان کو تو اللہ نے اپنا نائب بنا کر زمین پر بھیجا ہے، اسے اپنی ذمہ داری کا احساس ہونا چاہیے۔"امید ہے آپ کو یہ اقوال پسند آئیں گے۔اگر آپ کسی خاص موضوع پر اقوال چاہتے ہیں تو ضرور بتائیں۔



پاکستان میں ہراساں کرنے کے بڑھتے ہوئے واقعات: خواتین کے تحفظ پر ایک سوالیہ نشان

پاکستان میں خواتین کو ہراساں کرنے کے بڑھتے ہوئے واقعات ایک سنگین سماجی مسئلہ بن چکے ہیں جو نہ صرف خواتین کے تحفظ بلکہ پورے معاشرے کے اخلاقی اور قانونی نظام پر بھی سوالیہ نشان ہیں۔ ہراسانی ایک ایسا عمل ہے جو کسی بھی فرد، خصوصاً خواتین اور لڑکیوں، کو ذہنی، جذباتی اور جسمانی طور پر متاثر کرتا ہے۔بدقسمتی سے پاکستان میں یہ مسئلہ روز بروز شدت اختیار کرتا جا رہا ہے اور خواتین کو عوامی مقامات، تعلیمی اداروں، کام کی جگہوں اور یہاں تک کہ اپنے گھروں میں بھی اس کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔عوامی مقامات پر ہراسانی کے واقعات سب سے زیادہ رپورٹ ہوتے ہیں۔روزانہ اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کا سفر کرنے والی طالبات کو پبلک ٹرانسپورٹ میں نامناسب رویوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ان میں ناپسندیدہ گھورنا، غیر اخلاقی اشارے کرنا، نامناسب تبصرے کرنا اور جسمانی طور پر چھونے کی کوشش شامل ہیں۔ ایسے واقعات لڑکیوں کے اعتماد کو مجروح کرتے ہیں اور ان کے لیے تعلیم حاصل کرنے اور آزادانہ نقل وحرکت کو مشکل بنا دیتے ہیں۔بہت سی طالبات اور خواتین خوف اور عدم تحفظ کے باعث اپنی روزمرہ کی سرگرمیوں میں